03444495555

ما شاء اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ

ترجمہ اردو

شموس الانوار و کنوز الاسرار

ہر دو حصہ کامل

مصنفہ الکبری لابن الحاج التلمسانی المغربی قدس اللہ روحہ

حسب فرمائش شیخ الٰہی بخش و محمد جلال الدین تاجران کتب بازار کشمیری لاہور

مطبوعہ گاشتی رام سٹیم پریس لاہور طبع شد

شموس الانوار حصہ اوّل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ

سب تعریفیں اس خدا کو ہیں جس نے حرفوں کے اندر پوشیدہ راز رکھے اور اپنے اسماء کے معانی کو مرکب کیا اور ان عددوں کی تہوں اور وقتوں کے دورے نکالے اور ہر روحانی اپنے اصحاب کی خدمت کرتا ہے اور جس نے انسانوں میں سے جس کو چاہا اسماء کے ملکوت کی عجیب عجیب باتوں پر آگاہ کیا ہم اس کی حمد بیان کرتے ہیں پاک ذات ہے وہ اس کی نعمتوں کی عطاؤں پر اور اس کا شکر ادا کرتے ہیں ہم زیادہ احسان پر اور گواہی دیتے ہیں اس کی کہ اللہ تعالٰے کے سوا کوئی معبود نہیں تنہا ہے وہ اس کا کوئی شریک نہیں اس شخص کی سی گواہی جس نے اس کی یکتائی کا اقرار کیا اور ہم گواہی دیتے ہیں کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول اور تمام رسولوں کے ختم کرنے والے ہیں (حمد و صلوٰت کے بعد) مجھ سے بعض دلی دوستوں نے علم حروف اور روحانیت اسماء کے اندر ایک کتاب لکھنے کی درخواست کی جو اسرار صنعت حکماء کے جس میں نے استخارہ کے بعد ان کی درخواست قبول کی اور قبول نہ ہی کیا تاکہ مجھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ قول یاد آگیا کہ جو کسی علم کی بات کا سوال کیا گیا اور وہ اس کو چھپاتا ہے اور اس نے وہ بات چھپائی تو قیامت کے دن آگ کی لگام لگائی جائے گی اور میں نے اشاروں اور رمزوں سے کام لیا ہے اس بات کو کہیں نااہل کو اطلاع نہ ہو جائے اور میں خدا تعالٰے سے امید کرتا ہوں کہ وہ مجھے اپنے اسماء کی برکت اور اپنے اسرار کے علوم عنایت فرمائے جو مجھے دونوں جہان میں نجات بخشیں اور اس کتاب سے ہر ایک مستحق دیندار کو فائدہ دے اور کسی فاجر ظالم کو فائدہ نہ بخشے اور ہر عالم کے لئے فائدہ کا ذریعہ قرار دے آمین اور میں نے اس کتاب کا نام شموس الانوار وکنوز الاسرار رکھا ہے۔

پہلا باب (۱) حروف کے اسرار میں

حرف الف اس کی صورت یہ ہے (ا) جب چاند منزل بطین میں ہو اس وقت جو کوئی اس حرف کو اپنی داہنی ہتھیلی میں گلاب کے پانی اور مشک اکبر [illegible] سامنے ہو اور [illegible] عدد [illegible] حرف کا ذکر کرے اور [illegible]

مطبوعہ انڈیا

بنگال یونان مصر کا

کالا جادو (ردِ سحر)

اول / دوم

فوٹو سیٹ مجلد

مؤلف: سید حسن الہاشمی (انڈیا) ● ترتیب: قاری محمد عبد الرشید قاسمی

آج کل گنڈے، علم، سفلی عمل، جادو، ٹونے کی نادر اگر کتیں گلی گلی در گلی اور خانہ در خانہ بکھری ہوئی ہیں۔ کچھ لوگ جادو ٹونہ کر رہے ہیں، کچھ کروا رہے ہیں، کچھ لوگوں پر کیا جا رہا ہے۔ اس طرح بہت سے اللہ کے بندے جادو کی کارستانیوں سے پریشان ہیں اور کتنے آباد مکان ان سفلی اعمال کے چکر میں برباد ہو گئے ہیں۔ یہ نادر کتاب ایسی مصائب کی تلافی کرتی ہے۔ جادو کیا ہے؟ اس سے بچنے کے کیا طریقے ہیں؟ ہر قسم کے طلسمات، جادو ٹونے کا توڑ اس کتاب میں پیش کئے گئے ہیں۔ اور ہر رنگ کے جادو کی تفصیل اور عمل طریقے دیئے گئے ہیں جادو کے موضوع پر اتنی جامع اور مکمل کتاب پہلی دفعہ منظر عام پر آئی ہے۔

مشمولات: باب ردِ سحر (جادو سحر اتارنے کے سو طریقے) ● سحر جادو کے اثرات ● علم سحر و علم نجوم ● حقیقت سحر اور قسمیں ● تشریحات سورۃ الناس ● سحر و آسیب کی تشخیص ● طلسماتی عملیات ● حقیقت فرودات کامل ● کالے جادو کی سنسنی خیز معلومات ● ایران کی جادوگری ● عرب کا کالا جادو ● ہندو طلسمات عربوں کا کالا علم ● یونان کا کالا جادو ● لوح سلیمانی ● کالدی کاہنوں کا کالا جادو ● مصر کا کالا جادو ● بنگال کا کالا جادو ● تشریحات سورۃ الفلق ● سحر کیا ہے؟ ● حقائق سحر ● روحانی ڈاک سوالاً جواباً آپ بیتی ● وحشی عاملوں کے چند خطرناک اعمال ● چند روحانی نسخے ● عمل ہمزاد ● انسان اور شیطان کی کشمکش ● حیرت ناک شعبدے ● تشخیص بذریعہ علم الاعداد ● یہ جادو کس طرح کاٹا ہے ● بذریعہ عربی سفلی، جناتی یا بذریعہ کالا علم ● آسیب جنات کا علاج ● چند سچے واقعات ● ہر ضرورت اور کام کے اعمالِ سیمیہ

کل صفحات ۲۱۵ بڑا سائز ● حصہ اول [illegible] روپے حصہ دوم [illegible] روپے

تو اس منزل کی طرف دیکھے اور یہ قسم تلاوت کرے تو ہر کام پورا ہو وہ قسم یہ ہے کہ ایھا الارواح
[illegible] صُوَرَةٌ وَشَاء
[illegible]
[illegible]
[illegible] اور حرف الف کی تعریف اس طرح پڑھنی
چاہئے [illegible]
[illegible] اگر عنبر کے ساتھ دھونی بھی جلاؤ گے وقت میں آ رہی ہے جہاں باب خود
ہو گا اور بھی مفید ہے اور قسم مذکور حرف کے ختم پر جب بھی عدد مذکور پورا ہو پڑھنی
چاہئے اگر سمجھدار ہو تو اشارہ سمجھ جاؤ گے۔

(حرف با) اس کی صورت یہ ہے (ب ببب) جو شخص اسکو اس وقت کہ جب چاند منزل البطین
میں ہو سبز کاغذ میں مشک و زعفران روشنائی سے ایک ہزار بار لکھے پھر اسی رات کو منزل مذکور کا مقابلہ کرکے
تو اس کا مقصد پورا ہو اور دھونی وہی عنبر ہے اور جب اسکو عدد کی برابر ذکر کر چکے تو قسم مذکور تلاوت
کرے اور اس کے آخر میں یہ کہے [illegible]
[illegible] تب وہ تمہارے سوال کو منظور کرے گا اور حرف با کی تعریف اس طرح ہے کہ آخر میں یوں
کہو [illegible]
[illegible]

(حرف جیم) اس کی صورت یوں ہے (ج ججج) جو شخص اس کو اس وقت کہ جب چاند ثریا میں ہو
چینی کاغذ یا ہتھیلی میں ۳۶۳ بار لکھے پھر اپنی ہتھیلی اس منزل کے سامنے (اس کو کامیابی ہو) اور دھونی
عنبر ہے پھر اس حرف کو عدد مذکور کی برابر ذکر کرے اور ختم کرکے قسم مذکور ۳۰ بار پڑھے پھر اس
منزل کی جانب دیکھے اور کہے کہ ایھا الروحانی اجب [illegible]
[illegible]
[illegible] فوراً تم کو جواب دیگا۔

(حرف دال) اس کی صورت یوں ہے (د ددد) اسکو اس وقت کہ جب چاند منزل دبران میں ہو
زرد کاغذ کے اندر گیارہ ہزار بار لکھ کر وہ کاغذ منزل مذکور کے سامنے کرے اور اس حرف کا ذکر کرتا
جائے جب عدد مذکور کی برابر پڑھ چکے تو روحانی سے جس قدر مال چاہے طلب کرے وہ فوراً حاضر
کرے گا اور دھونی وہی عنبر ہے۔

(حرف صاد) جو اس کو اس وقت جب چاند منزل ہقعہ میں ہو اپنی دائیں ہتھیلی میں گلاب کے
پانی اور زعفران اور عنبر سے ۹۰ بار لکھ کر عدد مذکور کی برابر اس کا ذکر کرے اور اس کا مقصد پورا
ہو لیکن یہ ضرور ہے کہ جب عدد مذکور پورا ہو جائے تو قسم کو سو بار پڑھے پھر کہے کہ ایھا
[illegible]
[illegible] پھر وہ روحانی تمہارے تم کو [illegible]

کہ یہ حرف لکھ کر رکھو تو حقیقت دو ہوش نہ ہوں بلکہ شراب محبت پئے ہوئے ہوں [illegible]
تو ہر گروہ تم کو جواب دیگے اور اپنے ستاروں کے ذریعہ کرتے۔

(حرف واؤ) اس کی تصویر یہ ہے (و ووو) اس کو اس وقت کہ جب چاند منزل
مقدم میں ہو تو ہزار بار لکھو پھر عدد مذکور کی برابر تلاوت کرو اور اس منزل کے سامنے
پس جب چھ ہزار بار لکھو تو قسم [illegible]
[illegible] بعد عنبر کے ساتھ [illegible]
[illegible]
اس کی جائیں اس کو دیکھو۔

(حرف را) اس کی تصویر یہ ہے (ر ررر) اس کو سپید کاغذ پر ستر ہزار بار اس وقت کہ جب چاند
منزل ذراع میں ہو لکھو پھر عدد مذکور کی برابر ذکر کرو اور دھونی عنبر ہے جب عدد مذکور ہو جائے تو
قسم کو ستر بار ذکر کرو اور آخر میں یہ کہو کہ ایھا الملک [illegible]
[illegible] وہ ضرور قبول کریگا اور جلد سے جلد تمہارا سوال
پورا ہو گا۔

(حرف نون) اس کی تصویر اس طرح ہے (ن ننن) اس کو اس وقت کہ جب چاند اپنی منزل میں
ہو دائیں ہتھیلی کے اندر پانچ سو بار لکھو پھر حرف مذکور کو عدد مذکور کی برابر ذکر کرو اور دھونی وہی
عنبر ہے اور جب عدد مذکور پورا کر چکو تو قسم سو بار تلاوت کرو اور اس کے آخر میں یہ کہو کہ ایھا
[illegible]
[illegible]
[illegible]
ہر مقصد کے اندر اشارہ سمجھو۔

(حرف سین) اس کی تصویر اس طرح ہے (س سسس) اسکو اس وقت کہ جب چاند اپنی منزل میں ہو
کاغذ یا ہتھیلی میں آب گلاب اور زعفران سے تین ہزار بار لکھو پھر اسکو منزل مذکور کے سامنے کرو اور
حرف سین کو تین ہزار بار پڑھو جب عدد مذکور پورا ہو جائے تو قسم کو ستر بار تلاوت کرو۔ اور آخر
میں یہ کہو کہ ایھا الملک الروحانی اجب [illegible]
[illegible] پس وہ ویسا ہی کرے گا۔

(حرف عین) اس کی تصویر یہ ہے (ع ععع) اس کو اس وقت کہ جب چاند اپنی منزل میں ہو سپید کاغذ
کے اندر اسی ہزار بار لکھو پھر اسے اتنی ہی بار ذکر کرو جب عدد پورا ہو جائے تو قسم کو ستر
بار پڑھو اور پورا کرکے یہ کہو۔ ایھا الملک الروحانی [illegible]
[illegible]

(حرف فا) اس کی صورت یہ ہے (ف ففف) اس کو اس وقت کہ جب چاند اپنی منزل میں ہو
اپنی دائیں ہتھیلی میں چار سو بار لکھو پھر حرف مذکور کو اتنی ہی بار تلاوت کرو اور ہتھیلی کو چاند کے

سامنے رکھو جب اتنی تلاوت ہو جائے تو قسم کو ایک ہزار بار تلاوت کرو پھر کہو کہ اَيُّهَا الْمَلَكُ الرُّوحَانِي اَجِبْنِي اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ فِي طَيِّ الْاَرْضِ مَرَاحِمِ عِلَاجَاتِ اِسْتِقَامَةٍ وَّدَوَاءٍ وَّشِفَاءٍ [illegible] بِمَا اَصَابَهُ مِنَ الضَّرَرِ پس مطلوب اچھا ہو جائے۔

(حرف صاد) اس کی صورت یہ ہے (ص ص ص) اس کو اسوقت کہ جب چاند اپنی منزل میں ہو اپنی داہنی ہتھیلی کے اندر سات سو بار لکھو پھر عدد مذکور کی برابر تلاوت کرو پھر قسم کو اتنا ہی بار تلاوت کرو اور آخر میں کہو کہ اَيُّهَا الْمَلَكُ الرُّوحَانِي اَجِبْنِي اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ فِي طَيِّ الْاَرْضِ لِتَنْفَعَ الْمَشْرِقَ وَالْمَغْرِبَ [illegible] فِي يَوْمٍ [illegible] پس وہ فوراً قبول کرے گا۔

(حرف قاف) اس کی صورت یہ ہے (ق ق ق) اس کو اسوقت کہ جب چاند اپنی منزل میں ہو چاندی کی انگشتری میں ایک سو بار لکھ کر عدد مذکور کی برابر اس کو پڑھو پھر قسم کو ایک ہزار بار تلاوت کرو اور آخر میں یہ کہو کہ اَيُّهَا الْمَلَكُ الرُّوحَانِي شَانُكَ شَانُ الْقُدْرَةِ اِلَّا مَا اَجَبْتَنِي [illegible] حَتّٰى لَا يَنْقَطِعَ فِي شَيْءٍ وَّلَا يَبْعُدُ فِي طَرِيْقٍ پس تم اسوقت تک پوشیدہ رہو گے کہ جب تک چاند اس منزل میں رہیگا۔

(حرف راء) اس کی صورت یہ ہے (ر ر ر) اس کو اسوقت کہ جب چاند اپنی منزل میں ہو کسی انگشتری میں دو سو بار لکھ کر حرف مذکور کو عدد مذکور کی برابر پڑھو اور اس انگشتری کو منزل مذکور کے سامنے رکھو پھر قسم کو دو ہزار بار پڑھو پھر کہو کہ اَيُّهَا الْمَلَكُ الرُّوحَانِي الْمُطَّلِعُ عَلٰى اَسْرَارِ الْاُلُوْهِيَّةِ اَسْئَلُكَ اَنْ تُنْزِلَ وَتَمُدَّنِيْ بِهِمَّةِ الْاِجَابَةِ فِيْ كُلِّ مَا طَلَبْتُ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى الْفَاعِلِ وہ فوراً تعمیل کریگا۔

(حرف شین) اس کی صورت یہ ہے (ش ش ش) اس کو اسوقت کہ جب چاند اپنی منزل میں ہو ایک ہزار بار سرخ کاغذ کے اندر لکھ کر اور کتابت کے عدد کی برابر اسم مذکور کو تلاوت کرو پھر قسم کو دس ہزار بار تلاوت کرو اور کہو کہ اَيُّهَا الْمَلَكُ الرُّوحَانِي الْمُطَّلِعُ عَلٰى اَسْرَارِ الْاُلُوْهِيَّةِ اَسْئَلُكَ بِهَا اَنْ تَمُدَّنِيْ بِهِمَّةِ الْاِجَابَةِ فِيْ كُلِّ مَا طَلَبْتُ مِنَ اللّٰهِ الْفَاعِلِ

(حرف تاء) اس کی صورت اس طرح ہے (ت ت ت) اسکو اسوقت کہ جب چاند اپنی منزل میں ہو ایک ہزار بار سرخ کاغذ کے اندر لکھو اور کتابت کے عدد کی برابر اسم مذکور کو تلاوت کرو پھر قسم کو دو ہزار بار پڑھو اور آخر میں یہ پڑھو کہ اَيُّهَا الْمَلَكُ الرُّوحَانِي اَسْئَلُكَ بِسِرِّ عَوْدِيَاتِ الْمِيَاهِ الْفَلَكِيَّةِ الْمَلْحِيَّةِ وَالْمِيَاهِ الْمُتَدَفِّقَةِ الْخَلْقِيَّةِ كَمَاءِ الْعُيُوْنِ وَالْاَمْطَارِ پس وہ ضرور تمہاری فرمائش پوری کریگا۔

(حرف ثاء) اس کی صورت یہ ہے (ث ث ث) اس کو سیسے کی تختی میں دو سو بار اس سوئی کر لکھو جس میں ابتک تاگہ نہ ڈالا گیا ہو اور حرف مذکور کو عدد مذکور کی برابر تلاوت کرو جبکہ چاند اپنی منزل میں ہو پھر قسم کو دو سو بار پڑھو اور اسکے آخر میں کہو کہ اَيُّهَا الْمَلَكُ الرُّوحَانِي شَانُكَ [illegible] الْاَمَانَ [illegible] وَمِنْ كُلِّ اَمْرٍ اُرِيْدُهُ [illegible] الْاَمْرَاضِ وَالْاَسْقَامِ [illegible] الْعَارِضَةِ۔

(حرف خاء) اس کی صورت یہ ہے (خ خ خ) اسکو اسوقت تک کہ جب چاند اپنی منزل میں ہو

ایک انگشتری کے اندر ایک ہزار بار لکھ کر ایک ہزار بار ہی اس کا ذکر کرو پھر قسم پڑھو اور اسکے آخر میں یہ کہو کہ اَيُّهَا الْمَلَكُ الرُّوحَانِي اَجِبْ مَنْ دَعَاكَ وَاَذْهِبِ الْعِلَّةَ الْحَادِثَةَ بِجِسْمِ فُلَانٍ پس اس شخص کے اندر جو بھی بیماری ہو برص اور جذام اور نابینا پن وغیرہ وہ سب جاتی رہے گی۔

(حرف ذال) اس کی صورت یہ ہے (ذ ذ ذ) اس کو اسوقت کہ جب چاند اپنی منزل میں ہو اپنی بائیں ہتھیلی میں پانسو بار لکھو اور پانسو ہی بار اس حرف کو پڑھو پھر قسم مذکور کو سات ہزار بار پڑھو اور آخر میں یہ کہو کہ اَيُّهَا الْمَلَكُ الرُّوحَانِي اَجِبْنِي اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ الْمُتَقَدِّمُوْنَ فِي خَوَاطِرِ بَنِيْ اٰدَمَ [illegible] عَنِّيْ فُلَانًا [illegible] پس وہ یقیناً منظور کریگا۔

(حرف ظاء) اس کی صورت یہ ہے (ظ ظ ظ) اس کو سپید کاغذ میں گلاب کے پانی اور مشک و زعفران اور عنبر سے سات ہزار بار لکھو اور اس منزل کے سامنے ہو کر حرف مذکور کو اتنی ہی بار ذکر کرو پھر قسم مذکور کو ایک ہزار بار تلاوت کرو اور اس کے آخر میں یہ کہو کہ اَجِبْ اَيُّهَا الْمَلَكُ الرُّوحَانِي [illegible] بِالْحِفْظِ وَالْفَهْمِ [illegible] الْعُلُوْمِ [illegible] الظَّاهِرَةِ وَالْبَاطِنَةِ وَارْفَعْ عَنِّي الْحِجَابَ [illegible] پھر تم کو اسرار کا مشاہدہ ہونے لگیگا۔

(حرف غین) اس کی صورت اصل میں یہ ہے (غ غ غ) اس کو اسوقت کہ جب چاند اپنی منزل میں ہو ایک انگشتری میں ایک سو بار لکھ کر اتنی ہی بار حرف مذکور کا ذکر کرو پھر قسم کو دو ہزار بار پڑھو پھر اس کے آخر میں کہو کہ اَيُّهَا الْمَلَكُ الرُّوحَانِي [illegible] جب تم یہ عمل کرو گے تو اس کی تمام شرطوں کو تم دراہم اور دینار اور قیمتی پتھر مثلاً موتی اور یاقوت کو دیکھو گے کہ تیز بارش کی طرح برس رہے ہیں پھر تم ان میں سے جس قدر چاہو لینا اور پھر یہ کہنا کہ اَيُّهَا الْمَلَكُ [illegible] یہ کہتے ہی فوراً وہ ڈھیر تمہارے سامنے سے دور ہو جائیگا۔

خاتمہ

جاننا چاہئے کہ اس کتاب کے اندر جو بیسوں حرفوں کے اسرار کا بیان ہے اگر تم مخلوق کے اندر بلند بننا چاہو تو ان کی جانب وزن واحد عمل کرو اور ارواح علویہ وسفلیہ بھی ان کی نافرمانی نہ کریگی اور اس کے چند قاعدے ہیں چنانچہ ایک قاعدہ یہ ہے کہ حرفوں کو داہنی اور بائیں ہتھیلی میں اعداد مذکورہ ہی کی برابر لکھنا چاہئے نہ کم اور نہ زیادہ اگر گنتی زیادہ ہو اور ہتھیلی میں جگہ اتنے عددوں کی نہ ہو تو اس حرف کی صورت اور نیچے (دونوں) قلم سے ہتھیلی میں لکھو اور باقی کو اس ہتھیلی میں جگہ نہ ہو تو انگلیوں پر لکھو اور پھر بھی ضرورت رہے تو ہتھیلی کی پشت پر لکھو اور لکھنے کے وقت طہارت کا لحاظ ہو اور رخ قبلہ کی جانب اور حروف کو طالع سعید میں لکھو اور رخ اس منزل کی طرف رہے اور اس منزل ہی کو دیکھو بھی ہو اور جب تک گنتی پوری نہ ہو جائے اسوقت تک اپنی جگہ سے نہ ہلو اگر درمیان میں فرض نماز کا

وقت آجانے تو اسی جگہ پڑھ لو یہاں تک کہ گنتی پوری ہو اسوقت مقصود بلا شک پورا ہوگا۔ اور اگر حروف کا نقش کسی معدنی تختی یا تشتری میں لکھنے چاہو تو نقش لکھو اور لکھو بغیر نقش کے گھسنا کافی نہ ہوگا اور جسوقت عدد مذکور کی برابر حروف کو لکھ چکو تو فوراً ہی حروف کا ذکر شروع کرو خواہ رات ہو یا دن اور خوشبوؤں مذکور کا جدول یہ ہے۔

ل	ب	ت	س	ن	ج	ی	ر
د	ر	د	ھ	ی	ل	ا	غ
ر	و	ت	ا	ك	ك	س	ھ
ص	ل	د	ل	ك	ت	س	ھ
ن	ا	ب	ل	ی	د	ا	ج
ن	ع	ت	لا	ن	ر	ب	ص
ھ	ر	ب	د	ذ	ب	ص	ق
ھ	ی	ع	ق	ت	لا	و	ع

اس جدول سے خوشبو معلوم کیجاتی ہیں اور خوشبوئیں پانچ ہیں ان سب کو اکٹھا کر کے پیسنا اور ان میں ہر ایک کو برابر ملانا اور پھر ان کی گولیاں بنانا چنے کے دانہ کی برابر ضروری ہے اس کے بعد عمل کے وقت اس کو روشن کرو روشن کرتے ہی روحانی علوی و سفلی اطاعت و خدمت کے لئے حاضر ہوتے ہیں پس جو شخص جدول مذکور کے مطابق وہ بوئی نکال کر اکٹھی کرے اس کو اسرار حروف میں کبریت احمر حاصل ہوا اور جو خوشبوئیں (خوشبو) کے نام یہ ہیں۔ سنبل ریحان ورد عقاریہ کافور مشک صندل مصطکی لبان جاوی زعفران الیواقعب میعہ خولان اور ان خوشبوؤں کے اور بھی خاصے ہیں مثلاً اگر ان کو اکٹھا کر کے اسی طریقہ سے جیسے ہم میں بیان کر چکا اور مہینہ کی چندھویں رات کو آگ میں ڈالو اور اس رات کا جو موکل ہے اسکو پکارو خدا اسکو قسم دو اور کسی اسم کے ذریعہ اس کو تابع کرو وہ تمہارے سامنے حاضر ہوگا تم اس سے اپنے حصول مطلوب کی ہمت سے اندر درخواست کرو وہ ویسا ہی کرے گا اور اگر یہ عمل ہر مہینہ کی پہلی رات میں کرو جب بھی ہو جاتا ہے لیکن چندھویں شب میں روحانی علوی حاضر ہو کر قضاء حاجت کرتے ہیں واللہ الهادی۔

دوسرا باب اسماء حسنیٰ کی خاصیتوں کے بیان میں

جاننا چاہیے کہ اسم اللہ عظیم اسم ہے اور اسم جلالی بھی یہی ہے اور یہی اسم تمام اسموں کا بادشاہ ہے اور تمام اسماء کے معانی اسکی طرف لوٹتے ہیں اور اسم ذات بھی یہی ہے اور اگر ہم اس کی پوری حقیقت بیان کرنے لگیں تو بیسیوں دفتر اسکو کافی نہ ہوں مگر ہمارا مقصد یہاں ہر اسم کی مختصر خاصیت بیان کرنا ہے (اسم اللہ) دائرہ ربانیہ والوں میں قطب کا یہ اسم ذکر ہے جو شخص اس کو ہمیشہ تنہائی حسی اور معنوی میں طہارت و تقویٰ اور بیداری اور روزہ اور خالص بندگی کے ساتھ پڑھتا ہے تو اس کے لئے ملکوت کے دروازے کھلجاتے ہیں اور اسرار جبروت پر وہ آگاہ ہوتا ہے (اسم رحمٰن) جو اسکو اسکے عددوں کی برابر کسی خوشبودار چیز پر پڑھے اور طالب و مطلوب کا نام ذکر کرے اور خوبی کے وقت اس کا عمل کرے پھر ان کی خوشبو سنگھائے پھر جو اس خوشبو کو سونگھ کر چکھیگا وہ طالب پر فریفتہ ہو جائیگا اور اس کی عقل جاتی رہیگی اس کو سمجھو اور میاں بیوی میں الفت کرو (اسم رحیم) جو اس کو اس کے عدد کی برابر ساعت سعید میں پیر کے روز شیرینی پر پڑھکر فلاں کی خوشبو

ساتھ لگائے اور پھر اپنے محبوب کو کھلائے تو وہ عامل کا مشتاق ہو جائے اور اسی وقت سے اسکے پیچھے لگا رہے (اسم ملک) جو اس کو تہجد اور صبح کی نماز کے درمیان ہمیشہ اس کے عدد کی برابر پڑھے اور چار سال کے قریب مدت اسی طرح گذر جائے کہ ایک دن بھی ناغہ نہ کرے تو خدا تعالیٰ اسکو مالدار کرے اور جو شخص اس اسم اعظم پر ملکوت کا عامل اور طہارت تام اور خالص عبودیت کے ساتھ ہمیشگی کرے اور جب تک نیند کا غلبہ نہ ہو اسوقت تک نہ سوئے اور جب تک ضرورت نہ ہو اسوقت تک افطار نہ کرے تو خدا تعالیٰ اسکو سر اتحاد اور ارواح داخلہ و خارجہ پر مطلع کرے اور یہ اسم اہل دائرہ کے غوث کا ذکر ہے (اسم سلام) اہل دائرہ کے اولیا کا ذکر ہے جو شخص اسکو ہر فرض نماز کے بعد اس ذکر کو لگاتے سال تک پڑھا کرے تو خدا تعالیٰ ... اسکے عدد ہیں اور یہ اسم ان لوگوں کا ذکر ہے جو تین سو ساٹھ آدمی ہیں اسکی جو وقت دعا کے ساتھ امداد کرتے ہیں اور ان کے سال کے دنوں کی برابر ہیں اور یہی وہ لوگ ہیں کہ ان پر رحمت نازل ہوتی ہے اور ان کے طفیل سے گناہوں کی بخشش ہوتی ہے اور گناہگاروں کی خدا تعالیٰ توبہ قبول فرماتا ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے طفیل سے (اسم مؤمن) جو اس کو طالع میزان میں جبکہ چاند کسی برج میں ہو اسکے عدد کی برابر کاغذ میں لکھے پھر اسپر عطر لگا کر لپیٹ لے پھر اس کو صندل سپید کی دھونی دے پھر ریشمی کپڑے میں ... لکھنے والے پر فریفتہ ہو جائے اور میاں بیوی کے درمیان عمل کرنا بہتر ہے (اسم مہیمن) جو اس اسم کو اسکے عدد کی برابر عشاء کی نماز کے بعد پڑھے اور وہ رکھا جائے اس کو ہونے والی بات کی خبر ہو جایا کرے (اسم عزیز) جو ایک مدت تک ہمیشہ پڑھتا ہے تو اسکو خواب کے اندر ہونے والی بات کی خبر ہو جایا کرے اور صبح کی نماز کے بعد پڑھتا ہے اسپر رزق کی کثرت وارد ہو جو شخص چند سال تک اس کو اسکے عدد کی برابر فرض نماز کے بعد پڑھے (اسم جبار) جو اس اسم کو اسکے عدد کی برابر ہر فرض نماز کے بعد پڑھے اور ہر مطلوب اسکے لئے آسان ہو یہاں تک کہ جو شخص اسپر ظلم کرے اور اسکو بعد چند برس پڑھے اللہ تعالیٰ اسکو مدد اور غلبہ نصیب فرمائے (اسم متکبر) جو صحبت میں کوئی عشر روز پڑھے تو خدا تعالیٰ اس سے ایک لڑکا دے جو شخص اس کو اس کے عدد کی برابر ساعت سعید میں کسی زنا کار عورت کے لئے پڑھے تو وہ عورت زنا چھوڑ دے اسی طرح اور گنہگار لوگ گناہ کے کام چھوڑ دیں (اسم خالق) جو اسکے عدد کی برابر اگر عورت کے پیٹ پر اسوقت کہ جب چاند برج ذی جسدین (ذو جسدین) میں ہو پڑھے اور اس کے ساتھ اس آیت کو بھی واللہ خلقکم وما تعملون آیت کے عددوں کی برابر پڑھے تو اسم عظیم اور آیت کی برکت سے بانجھ کے پیٹ میں نطفہ قرار پائے اور ہر مہینہ میں یہ عمل کیا جائے (اسم باری) جو اس کو اس کے عددوں کی برابر وقت سعید میں پڑھے اور چند سال تک اسپر ہمیشگی کرے تو اس کے ہاتھوں سے بیمار کو شفا ہو یہاں تک کہ جب بیماری کو ہاتھ لگا کر اس اسم کا ذکر کرے تو وہ بیماری جو آدمی کے اندر پیدا ہوگئی ہو جاتی رہے اور اگر کسی کی آنکھ پر اپنا ہاتھ پھیرے جس کو تقرہ آتا ہو تو نظر آنے لگے (اسم مصور) جو شخص اس اسم کو وقت سعید جبکہ طالع کسی برج میں ہو لکھ کر لبان ذکر کی دھونی دے اور پھر اسکو پانی سے دھو ڈالے اور بانجھ عورت کو چند دنوں تک اسکے قطرے پلائے تو اس کے پیٹ میں حمل قرار پاجائے (اسم محیط) جو شخص

اس اسم کو اسکے عدد کی برابر ہر فرض نماز کے بعد پڑھا کرے اور اپنے گھر والوں اور اپنی اولاد اور اپنے ماتحتوں اور اپنے اموال سے جس چیز کی حفاظت چاہے اسکا ذکر کرے تو ویسا ہی ہو جائے (اسم قادر) یہ اسم اہل دائرہ کے اقتدار کا ذکر ہے جو شخص اس اسم کے ذکر پر خلوت کاملہ اور طہارت تامہ کے اندر معدہ خالی ہونے کے وقت خالص بندگی کے ساتھ ہمیشگی کرے تو خدا تعالیٰ اسکو اسرار قدرت پر آگاہ فرمائے اور اسرار وحدانیت اور تمام موجودات اس پر روشن ہوں (اسم علیم) یہ اسم اہل دائرہ کے بہترین حضرات کا ذکر ہے جو شخص اس کو اس کے عدد کی برابر چند سالوں تک ہمیشہ ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے سامنے ظاہری اور باطنی راز کھولدے (اسم فتاح) جو شخص اس ذکر کو ہر فرض نماز کے بعد چند مہینہ سوتے وقت پڑھ لیا کرے تو خدا تعالیٰ اسکو سونے میں حکمت کی تعلیم دے (اسم [illegible]) یہ اسم اہل دائرہ کے سیاح سید کا ذکر ہے جو شخص اس پر اسکے عدد کی برابر پڑھنے کی ہمیشگی کرے کہ ہر فرض نماز کے بعد چند ماہ تک پڑھے تو خدا تعالیٰ اسکو دربار صمدانی کے اسرار پر مطلع کر (اسم صمد) یہ اہل دائرہ کے سرداروں کا ذکر ہے جو اسکو اتنا ہی پڑھا کرے اور جب بہت ہی نیند آئے تو .... اس وقت سو جایا کرے تو اسکی [illegible] جاتی ہے لیکن طہارت حسی اور معنوی ضروری ہے یہاں تک کہ اگر سلوک کے اندر مرتبہ کمال تک پہنچ جائے تو سات سات دن [illegible] پیاسا رہ سکتا ہے (اسم مقتدر) یہ اہل دائرہ ربانیہ کے شرفا کا ذکر ہے جو اسکو اسکے عددوں کی برابر ہر نماز کے بعد چند [illegible] تک پڑھے تو وہ مقام فیض تک پہنچ جائے یہاں تک کہ جو شخص بھی اس سے کلام کرے اور وہ اونچی آواز بلند کرے تو ہلاکت سے [illegible] (اسم علی) یہ اہل کمال کا ذکر ہے جو اسکو نماز کے بعد ہمیشہ پڑھا کرے تو اگر گمنام ہو تو نامور ہو جائے اور خواص و عوام اسکی ولایت کے قائل ہو جائیں (اسم کبیر) یہ دائرہ صمدانیہ کے قطب کا ذکر ہے اس کی بہت خاصیات ہیں ایک یہ کہ اگر کوئی شخص اسکا اس کی شرطوں کے ساتھ ذکر کرے تو جہان کا بادشاہ بنے اور اگر چاہے کہ ولایت کا امام بنے یعنی قطب دوران یا رئیس و امیر قوم تو اسم اکبر کے ذکر کے وقت اسی کام کی نیت کرے اور شرائط یہ ہیں کہ لباس اور کھانا حلال ہوں اور جھوٹ نہ بولے اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی طرح روزے رکھے اور جب تک نیند کا خوب غلبہ نہ ہو اس وقت تک نہ سوئے اور جب وضو ٹوٹ جائے فوراً وضو کرے اور اسکے سوا کوئی ورد ذکر نہ کرے سوا درود شریف کے اور لوگوں کے پاس بکثرت نہ بیٹھے اگر یہ شرطیں پوری کریں تو ضرور امر مذکور پاوے گا۔ (اسم وکیل) جو شخص اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد اسکے عدد کی برابر چند ایام تک لگاتار پڑھے اور خدا تعالیٰ سے دعا کرے کہ میرے ظالم سے بدلہ لے تو وہ بدلہ لے لے (اسم شہید) اس اسم کا جو شخص ہر نماز کے بعد دو سو بار چند سال تک ذکر کرے تو عالم سفلی میں جو کچھ واقع ہوتا ہے اس کا مشاہدہ کرے اور سر الوہیت پر اسکو اطلاع ہو (اسم مبدی) اس اسم کو [illegible] کے ساتھ ایک ہزار بار تلاوت کرے کے لبان کی دھونی دے اور پھر کسی معدن کو کیمیا بنانا چاہے خواہ رنگ بنانا ہو تو اکسیر پورا اثر کرے اور مقصد حاصل ہو (اسم معید) جو اس کو اس کے عددوں کی برابر چند دن تک پڑھے اور وہ کسی اونچے مرتبہ سے نیچے گر گیا ہو تو خدا اسے جلد سے جلد پھر اسی مرتبہ پر پہنچا دے (اسم ہادی) جو اس اسم کو اسکے عددوں کی برابر چند

ایام تک پڑھے اسکے لئے تمام مخلوق تابعدار ہو جائے اور اس اسم کے عمل کی ترتیب یہ ہے کہ اس کو [illegible] سات ہزار مرتبہ طہارت کاملہ کے ساتھ پڑھو اور ہر جمعہ کو بارہ ہزار ذکر کرنا اور مخصوص یہ ہے کہ ہر روز ایک سو بار پوری طہارت کے ساتھ پڑھو اور ایک [illegible] یہی طریقہ رکھو پھر خادم روحانی تمہارے سامنے آکر کھڑا ہوگا تم اس سے نڈر ہو کر چاندی کی انگوٹھی مانگو جو اسکے ہاتھ میں ہے اور اس کے اوپر اسم اعظم لکھا ہوا ہے وہ تمکو دیدیگا اور تم سے شرطیں لے لیگا پھر تھوڑی دیر کے بعد تم اس انگوٹھی کو اپنے داہنی ہاتھ میں پہن لو پھر مخلوق میں سے جس کے تابعدار کرنے کا تم ارادہ کرو تم اپنی انگلی سے [illegible] کو حرکت دو وہ تمہارا تابعدار ہوگا [illegible] علم کی تکمیل بہت جلد ہوگی اسی طرح اگر تم نے اپنے کی کوئی چیز [illegible] دیا ہو اور یا کسی لشکر کو شکست دینا ہو یا کسی دشمن کو قتل کرنا ہو یا کسی ظالم کو ہلاک کرنا چاہو اور عمل ذکر کرو تو فوراً تکمیل ہوگا اور دعوت یہ ہے کہ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ [illegible]

[illegible]

[illegible] اسما کا ایک جدول ہے کہ ذاکر ساعت سعید میں مرتب کرکے اپنے پاس رکھنا چاہئے تاکہ مرتبہ تک پہنچے اور اس جدول کی ایک اور تعریف یہ ہے کہ اگر اس کو اپنے پاس رکھے اور ہر نماز کے بعد [illegible] طلوع آفتاب کے وقت اسم ہادی کو سو بار پڑھا کرے تو [illegible] اس کو حاصل ہو جائیگی اور [illegible] کا حاصل کرنا بالکل آسان ہوگا۔ اور کم از کم مدت اس کی دو سال ہیں اور یہ جدول یہ ہے

۳	ا	ھ	۳۰	ا
ھ	الهادی	الهادی	الهادی	۳۰
ا	الهادی	ھ	الهادی	ھ
۳۰	الهادی	الهادی	الهادی	ا
۳۰	۳۰	ھ	ا	۳

(اسم معطی) اس اسم کا خادم روحانیوں میں سے عطیائیل ہے جو اس کو ہمیشہ ہر دن [illegible] دو ہزار بار طہارت کاملہ کے ساتھ جبکہ معدہ خالی ہو پڑھے اور [illegible] خوشبو سونگے اور اس کا لباس ہمیشہ سفید ہے [illegible] اور عطر لگاتا ہے اور لوبان [illegible] کی دھونی سلگائے اور ہر جمعہ کو [illegible] کرے تو [illegible] ایک برس بعد [illegible] کا بادشاہ سپید گھوڑے پر سوار ظاہر ہوگا اسکے ہاتھ میں چھوٹا سا نیزہ ہوگا اور اس کے اوپر ایک سپید جھنڈا ہوگا جس میں سبز نقوش ہونگے کہ ان کے اندر [illegible] لکھا ہوگا اور وہ اگر تم کو سلام کرے گا تو اس کے سلام کا جواب دینا پھر وہ تمہارے لئے اس جھنڈے کو گاڑ دیگا [illegible] پھر اس اسم کو پڑھنا [illegible] بعد جب کبھی کسی [illegible] اپنے کسی [illegible]

سامنے حاضر ہونگے اور سونا اور چاندی بکثرت موجود ہوتا اس اسم کی برکت سے جو معلوم ہی ہے و اسم جامع
دو عالم میں سے اس کا خادم کسفیائیل ہے اور اس اسم کے لئے بھی قسم اور وقت اور خدمت مخصوص ہیں
اور عمل کی ترکیب یہ ہے کہ ہر دن اس اسم کو حضور قلب اور طہارت کاملہ اور روزہ اور شب بیداری
کے ساتھ پانچ ہزار بار چند ماہ پڑھا اور ہر جمعہ کی رات میں خوشبو سلگا وے اور اسکے ساتھ فصیح اور کامل
بھی حاوے تب اس کا خادم روحانی بڑے شیر کی صورت میں تم کو ظاہر ہوگا تم اس سے نہ ڈرو کر اپنی
زبان میں جو بھی زبان رکھتے ہو فصاحت کے ساتھ کلام کرنا اور ظالموں اور دشمنوں پر اور ان کے گھروں
کو ویران کرنا اور ظالم کے قتل وغیرہ کی اس سے شرط کر لینا وہ تم کو ایک گرز دے گا تم کو
اپنی دائیں طرف رکھنا جب بھی کسی جگہ بیٹھو اور جس وقت کسی کو ہلاک کرنے کا ارادہ کرو تو وہ گرز کو
اپنے سامنے مارنا اور بآواز اور آہستہ یہ کہنا کہ فلاں شخص ہلاک ہو وہ اسی دم ہلاک ہوگا اور نقش
یہ ہے

۲۰۰	۱	۵	۱۰
۱	۵	۱۰۰	۲۰۰
۵	۱۰۰	۲۰۰	۱۰
۱۰۰	۲۰۰	۱	۵

اس کو اپنے بازو میں باندھ لینا چاہئے اور قسم یہ ہے کہ الٰہی اَسْتَحِقُّ رِضْوَانَكَ الْقَهَّارِ بِعَزِيْمَتِهِ تَاجِ الْقَهِيْدِ بِالنُّوْرِ بِحَقِّ الْقَهْرِ بِحَقِّ اللّٰهِ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاؤُدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ وَبِطَاعَةِ
خَشْيَةِ بِاَسَاطِيْرِ وَمَا اُوْدِعَتْ فِيْ ظَرْفِ الْقَضَاءِ مِنْ مَكْنُوْنِ اَسْرَارِ اَسْمَائِكَ اَجِبْ اَيُّهَا الْمَلَكُ
كَسْفِيَائِيْلُ وَاَنْتُمْ اَهْلَ طَاعَتِكَ مِنَ الْجِنِّ وَالْعَفَارِيْتِ بِمَا تُؤْمَرُوْنَ اَجِيْبُوْا اَيُّهَا الْخُدَّامُ
بِحَقِّ رَضِيَ اللّٰهُ الْقَهَّارِ بِعِقَابِ الْقُدْرَةِ وَقَهَّارِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْعِزِّ الْوَحْدَانِيَّةِ وَسَمَاءِ الرُّبُوْبِيَّةِ
اَسْئَلُكَ يَا قَهَّارُ يَا هُوَ يَا اَوَّلُ يَا سَرْمَدُ اَنْ تُمِدَّنِيْ بِسَيْفِ اَهْلِ النِّعْمَةِ وَمِنْ عِبَادِكَ الْمُخْلِصِيْنَ
(اسم خبیر) اس کے خادم روحانی کا نام عطیائیل اور وعقیائیل ہے جو شخص دفینوں اور خزانوں
زمانی خیر و شر اور اخبار زمین اور اخبار ہر چہار سمت کو معلوم کرنا چاہے اسپر اس اسم کی خدمت
لازم ہے وہ یہ کہ اس کو ہر دن خلوت کاملہ اور طہارت تامہ اور خالص عبودیت اور پورے یقین
کے ساتھ سات ہزار بار چند مہینے پڑھے اور ہر پیر کی رات میں جو کچھ خوشبو میسر ہو وہ سلگائے
اس کے بعد وہ ایک نہر دیکھے گا جس کے کنارے سبز زمرد کے درخت ہونگے اس وقت وہ جان لے
کہ اب ان دونوں خادم حاضر ہونگے چنانچہ وہ نہر اور درخت اس کی دائیں جانب کو چلے جائینگے
اور دو خادم ظاہر ہو کر اسکو سلام کرینگے اسکو جواب سلام دینا چاہئے وہ دونوں کہینگے کہ اَيُّهَا الْعَابِدُ
مَا حَاجَتُكَ یعنی اے عبادت گذار تیری کیا حاجت ہے اس کو کہنا چاہئے کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ جو
کچھ واقعات ہونگے اور جو ہو چکے ان کی اطلاع دیتے رہو وہ کہینگے کہ بہت اچھا پھر جب کوئی خبر
بھی معلوم کرنی چاہے تو اپنا سر گریبان کے اندر کرکے ان دونوں کا نام لے کر پکارے وہ دونوں
اس کا پردہ اٹھا دینگے اور اس واقعہ کو بعینہ دکھا دیں گے (اسم قوی) اس کے روحانی خادم
کا نام دردیائیل ہے اور ستر ہزار روحانیوں پر اس کی حکومت ہے اور سلیمانی نعمتوں سے جو حضرت
بھاگ گئے تھے وہ اس کی اطاعت کرتے ہیں جو شخص خدا تعالےٰ سے اس اسم کے ساتھ مناجات
کرتا ہے تو خدا تعالےٰ اس کو اپنی عجیب و غریب کاریگریاں دکھلاتا ہے
اور عمل کی ترکیب یہ ہے کہ خوشبو مہکائے اور ذاکر عمدہ لباس پہنے اور وہ رات اس اسم کا ذکر کر

اور جو بھی خوشبو میسر آئے وہ سلگائے اور پاک و حلال چیز کھائے اور روزے بکثرت رکھے اور وقفاً
کے وقت اپنی دائیں ہتھیلی پر مربع لکھے اور اس کو گلاب کے پانی اور زعفران سے دھو کر پیوے
چند ماہ اسی طرح کرے تو اس کو ایک غار جنات کا گروہ نظر آئے گا اور ان کا سردار ان کے ہمراہ ہوگا
اور اس کے سر پر بڑا اژدہا ہوگا تم کو اس سے ڈرنا نہ چاہئے کیونکہ وہ جنی ہے وہ ایک لشکر روحانی
کثیر تعداد میں ظاہر کرے گا اور ان کے ہمراہ ان کا فرشتہ روحانی ہوگا اس کا نام دردعائیل ہے
وہ سبز اونٹنی پر سوار اور اس کا لباس سبز ہوگا اس کے واسطے سونے کی ایک کرسی بچھائی جائیگی
اس پر اس کو بٹھایا جائے گا پھر وہ تم کو سلام کرے گا تم اس کا جواب دینا پھر وہ تم سے کہیگا کہ کیا
حاجت ہے تم کہنا کہ میں طی الارض اور ہوا میں اڑنا اور پانی پر چلنا اور کھانے پینے کی اشیاء
منگانا اور روشنا درہم کا موجود کرنا چاہتا ہوں وہ تم کو ایک پتھر دیگا جب تم اسکو آگ کے قریب
کیا کرو گے خادم فوراً تمہارے سامنے آکر تمہاری حاجت پوری کیا کریگا۔
(اسم قیوم) یہ وہی اسم ہے جسکے ساتھ آسمان اور زمین قائم ہیں جو اس کو دن رات ذکر کرے
اس سے نیند چلی جاتی ہے اس کے ذاکر کو ہمیشہ طہارت کے ساتھ رہنا چاہئے اور امید و توکل کو
نہ چھوڑے اور اچھی اچھی خوشبو میں اپنے ہمراہ رکھے جیسے لوبان اور قسطاس وغیرہ اور جمالی
کے اندر اس اسم کا بہت بہت ورد اس کے بعد ذکر کرے کہ پہلے اس کا مربع مشتری کی ساعت میں
ایک مشتری کے اندر لکھے اور اس کو اپنی آنکھوں کے سامنے کرکے ہر دن اسکو نظر بہت سے دیکھا
کرے اس اسم کے ذاکر کا حجاب عالم روحانی سے اٹھ جاتا ہے پھر روحانیوں کا سردار یعنی
وطیائیل نظر آئیگا اور وہ اس تشتری کو جس میں مربع مذکور لکھا ہوا ہے لے کر اپنے منہ سے
لگائے گا پھر تم سے کہے گا کہ اے بندۂ خدا اور اسم قیوم کی خدمت کرنے والے کیا چاہتا ہے تم اسکو
جواب دینا کہ اپنے پروردگار کی اطاعت اور ان روحانیوں کی صحبت جو اس اسم پر مقرر ہیں
تو وہ تم سے کہے گا کہ ان کو کس حاجت کے لئے چاہتے ہو تم کہنا اس لئے کہ تاکہ جس وقت میں
چاہوں اسوقت وہ میرے پاس حاضر ہوں اور ہر وہ دروازہ ناخستہ سے وہ میرے پاس
مخلوقات کو کھینچ کر لائیں اور میری وجہ سے لشکروں کو شکست دیں اور جو کچھ میں چاہوں اسکی
مجھے اطلاع دیں اور گمراہ کرنے والوں کے گھر ویران کریں اور میرے واسطے درہم و دینار
لائیں اور میرے لئے قفل کھولیں تو وہ تم کو ایک سپید لکڑی دیگا شرطیں کر لینے کے بعد وہ
وہ لکڑی یہ معلوم نہ ہو سکیگا کہ کس درخت کی ہے اور یہ وہ درخت ہی کی ہیں سنبل کی جو جنگلوں میں
ہوتا ہے پھر جب کبھی اس اسم کو پڑھو گے اور خادم روحانی وطیائیل کا ذکر کرو گے اور لکڑی
سے جو حاجت مقصود ہوگی اس کے لئے اشارہ کرو گے وہ فوراً تمہارے سامنے حاضر ہوگا۔ اور
نقش مربع یہ ہے

۴۴	۹	۱۰	۱۰۰
۹	۱۰۱	۳۹	۸
۱۰۲	۱۲	۴	۳۸
۵	۳۸	۱۰۳	۱۱

(اسم حفیظ) روحانیوں میں سے اس کے خادم کا
نام طیائیل ہے اور اس اسم شریف کا حفاظت خاصہ
ہے اس کا خادم اس کے ذاکر کو آنکھوں سے پوشیدہ کر

دیتا ہے۔ اسکے عمل کی ترکیب یہ ہے کہ آدمی تنہائی کے اندر رہے اور خاغذار کے کھانے سے
پرہیز کرے اور جو چیز جانفشانی سے پیدا ہو وہ دودھ گھی وغیرہ اسکو بھی نہ کھائے اور سخت نیند کے
وقت سوئے اور اس اسم کو دن رات لگاتار پڑھے بیچ میں جو وقت ذکر کرے پھر جب چالیس دن
پورے ہو جائیں تو اس کے مربع کا نقش لکھے اور اسے حنیفا ساعت مشتری یا آفتاب کے
وقت مشتری میں لکھے اور اس کو مشک وعنبر سے معطر کرے اور لوبان کی خوشبو سلگا دے
اور ساتویں دن تک اس اسم کی قرات زیادہ کرے یعنی سینتالیسویں دن تک اس کے بعد
ایک لمبا تڑنگا شخص جس کا چہرہ نہ دیکھ سکو گا نظر آئیگا اور اس کے کلام کی آواز بادلوں کی کڑک
کی طرح سنائی دیگی اور وہ تم کو سلام کرے گا اور تم سے کہے گا کہ اے مخلوق خدا کیا
چاہتا ہے۔ تم اس کے سلام کا جواب دینا اور کہنا کہ تیرے سر کی ٹوپی مانگتا ہوں وہ تم سے
شرطیں لیگا پس تم اس ٹوپی کے ذریعہ مسلمانوں کی عزت خراب نہ کیجیو ورنہ تمہارے اندھے
ہو جانے کا ڈر ہے اور جب وہ تم کو دیدے تو تم اسکو لیلیں جب اسکو اپنے سر پر رکھو گے تو کسی دیکھنے
والے کو بھی نظر نہ آؤ گے اور کوئی کان زمین پر تمہارے چلنے کی آواز نہ سنیگا پس اس کی عطا پر
حمد خدا بیان کرو اور مربع یہ ہے ......

ع	ف	ی	ط
۱۱	۴۹۶	۹	۷۵
۴۹۸	۸	۴۳	۱۰
۸۱	۱۱	۱۹۷	۹

(اسم لطیف) یہ اسم ایک ہزار بار مصیبتوں
کے وقت ذکر کیا جاتا ہے اس کے ذکر سے
کشادگی ہوتی ہے اور چنانچہ اس اسم کا ہر نماز کے
بعد اور سوتے وقت یا وضو کے ساتھ اس کو ذکر
کرے اور اس کے اوپر قسمیں اور دوسری
دعائیں کچھ نہ پڑھے یہاں تک کہ نیند کا غلبہ ہو
جائے اور جب جاگے تو پھر ذکر میں مشغول ہو جائے
اللہ کے حکم سے وہ قید سے رہائی پائے گا اور بہت ہی جلد آزاد ہوگا واللہ اعلم (اسم حلیم) یہ اسم
جماع کے وقت ایک ہزار بار ذکر کرنا چاہئے بشرطیکہ نکاح کے بعد پہلی شب میں عورت کے پاس
جائے تاکہ دونوں میں محبت خوب ہو اور جو اس کو ہر رات تین ہزار بار پڑھا کرے وہ گناہوں سے
نکل کر طاعت الہی میں داخل ہو جائے (اسم عظیم) یہ اسم شریف ہر دن اور ہر رات سات
ہزار بار چند ماہ ذکر کرنا چاہئے اس کا ذاکر اونچے سے اونچا ہو جاتا ہے اور تمام اس کی پیروی کرتی
ہے۔ (اسم مجید) یہ اسم ہر نماز کے بعد اس کے عددوں کی برابر چند ماہ ذکر کیا جائے اسکے
ذاکر کی فہم اور علم زیادہ ہوتا ہے اور اگر ذاکر ایک سال تک ہر رات اس کے عددوں کی برابر ذکر
کرتا ہے تو خدا تعالیٰ ذوالجلال تعظیم دینے والا اس کی طرف بھیجے اور اہل کشف اولیاء اللہ
کہتے ہیں اس کا ذکر کرنا ہے (اسم غفور) اس اسم کا ذکر کرنا گنہگار کے لئے رات اور دن چاہئے
کرنا چاہئے تاکہ جنگ بچ جائیں اور طعام حلال ہو چند سال تک اس کا ذکر کرنے یہاں تک کہ
ذاکر گیا ہے اور بندہ خدا کی طرف رجوع کرنے والا ہے اور اس کے لئے قبولیت کا دروازہ کھل جائے

(اسم المجیب) اس اسم کے خادم کا نام عطیائیل ہے اسکے عمل کی ترکیب یہ ہے کہ خلوت میں
اس کا ذکر کرے اور شرط یہ ہے کہ حیوانی کھانے اور ذی روح حیوان سے نکلے چند ماہ تک پرہیز
کرے پھر اپنے سامنے ایک روشنی دیکھے جو اطراف میں پھیلی ہوئی ہو تو اس وقت جان لے کہ تمام
آنے والا ہے چنانچہ پھر وہ روشنی دور ہو جائے اور تو آوے وہ روحانی ایک بڑے لشکر کے
ساتھ آوے جن کے لباس سبز ہوں اور روحانی کے سر پر تاج ہو جس کے اندر سرخ یاقوت لگے
ہوں اور تم کو سلام کرے تم اس کو سلام کرو پھر روحانی خود تمہارے سلام کا جواب دیگا
اور تم سے پوچھے گا کہ تم کیا چاہتے ہو تم کہنا کہ تم جو تمہارے پاس ہے وہ دو وہ تم سے شرطیں لیگا
اس کا تم کو دیدیگا تم اسے اپنے پاس رکھنا اور جب تم اپنے سامنے کوئی کام کرنا ہو تو اپنی انگلی
کے اندر اس خاتم کو ڈالنا اور آگ کے نزدیک کرو وہ فوراً تمہارے سامنے حاضر ہوگا۔ (اسم واسع)
اس کے خادم کا نام طشمائیل ہے اور عمل کی ترکیب یہ ہے کہ خلوت کے اندر
روحانیوں سے اس کے خادم کا نام طشمائیل ہے اور عمل کی ترکیب جب کو پھر اس کو اپنے پاس رکھے
عمدہ لباس پہنے مشک اور زعفران کی خوشبو کرے جو ہر شب کی ہر چند صورتیں جب تک کو پھر اس کو اپنے پاس
اور الف لام کے ساتھ قسم کو ہر رات میں ہزار بار پڑھے اور اسی طرح ہر دن میں ایک برس کامل
تک اور نماز پنجگانہ اپنے وقت میں پڑھے اور دن کو روزہ رکھے اور حلال کھانا کھائے جانداروں کے
پرہیز کرے مشقت عمل کے بعد عالم جن سے جواب دیا جائیگا پھر وہ ان کو کھلا دیکھے گا پھر اسکے
سامنے ایک سرخ رنگ کا آدمی کہ اس کا لباس بھی سرخ ہی ہوگا حاضر ہوگا اور اس کے سر پر
تاج ہوگا جو سرخ یاقوت سے جڑا ہوگا وہ اس کو سلام کریگا۔ وہ اس کا جواب دے پھر وہ اس سے
کہیگا کہ اے عابد مشقت کیا چاہتا ہے اس کو کہنا چاہئے کہ میں اپنے خدا کا شکر ادا کرتا ہوں
دوست اللہ کے بارہ میں ہر اسامی ہو جائے ہر روز کی رات کو میرے پاس آ کر میں خانہ کعبہ کا حج کروں اور
ہر روز فجر کی نماز رکن اور مقام کے درمیان ادا کروں اور اللہ کے خاص خاص بندوں کے اسرار
کے ساتھ تو میری مدد کرتا رہے اور میں ہوا کے اندر اڑتے ہیں اولیاء عارفین کے اڑنے کی طرح ہو جاؤں
(اسم کافی) یہ اسم ہر نماز کے بعد اس کے عددوں کی برابر یعنی ایک سو ایکتالیس دفعہ چند ماہ پڑھا
جائے تاکہ خدا تعالیٰ ذاکر کی دنیا اور آخرت کو کافی ہو اور لوگوں میں شہرت پائے اور اس اسم کا ذاکر
لوگوں سے نہیں ڈرتا (اسم شکور) اس اسم کو ہر دن ایک ہزار بار پڑھنا چاہئے کہ ہمیشہ پڑھنا چاہئے تاکہ
ذاکر پر رزقوں کی کثرت ہو اور تمام مخلوق اس کے تابعدار ہو اور اس کا بدن ہر بیماری سے بچا
رہے اور ہر بندش اس کے لئے کھل جائے (اسم حفیظ) اس اسم کو ہر نماز کے بعد پڑھنا چاہئے
اور مشتبہ چیز سے پرہیز کرے اور حلال وپاکیزہ کپڑے پہنے اور ہمیشہ اس ذکر کو پڑھے اور بہت
سی مدت تک یہی عمل کرے تو اس کو کشش کی علامت نظر آئے اور ارواح روحانی اس سے
کلام کریں جو چاہے ان سے سوال کرے (اسم قابض) اہل دائرہ میں سے قبض والوں کا
یہی اسم ذکر ہے ہر دن اور ہر رات دس دس ہزار بار ذکر کرنا چاہئے ترک حیوانات لازم
ہے دو سال برابر یہی عمل کرنا چاہئے تاکہ حجاب اٹھ جائے اور ذاکر کے پاس ایک فرشتہ
کرسی لے کر آئے جو مقام اہل قبض ہے لہذا جو شخص اس کرسی پر بیٹھ جائے۔ اگر ایک ہی

تو اسپر آثار قبض ظاہر ہوں یہاں تک کہ اگر وہ شخص آسمان و زمین کے درمیان کسی اُڑتے ہوئے جانور پر نظر ڈالے تو وہ مردہ ہو کر گر پڑے اور اگر کوئی اونچی آواز اس کی آواز سے ملنے کرے تو وہ ہلاک ہو جائے اور اگر کسی مردہ کے اوپر کلام کرے تو وہ زندہ ہو کر کھڑا ہو جائے جس طرح شیخ عبدالقادر رحمتہ اللہ علیہ کا واقعہ ہے کہ جب آپ پر آثار قبض ظاہر ہوئے تو ایک گھونسے سے ہوئے کو زندہ کیا (اسمہ باسط) اس اسم کو ہر دن تیس ہزار بار ذکر کرنا چاہئے اسی طرح ہر رات کو لیکن ذاکر پر ترک حیوانات لازم ہے اور ایک سال تک اس عمل کو جاری رکھے اس کے بعد وہ کشادگی کے دروازوں کو دیکھنے لگا پھر شدہ شدہ مقام بسط تک پہنچ جائیگا کہ جو اس میں داخل ہوتا ہے خدا تعالےٰ اسپر اسرار باطن فراخ کرتا ہے (اسمہ خفی) اس اسم کو ہر دن رات ذکر کرنا چاہئے اور چالیس جمعوں تک یہ عمل جاری رکھنا چاہئے پھر ذاکر کو خدا تعالےٰ خوب مالدار کر دیگا اور جو ہمیشہ ذکر کرتا ہے تو اور بھی اچھا ہے شرط یہ ہے کہ حلال کمائے اور نماز ترک نہ کرے۔ (اسمہ حمید) جو اس اسم کو ہمیشہ ہر نماز کے بعد کچھ زمانہ تک پڑھے تو خدا تعالےٰ مخلوق کے دلوں میں اسکی محبت ڈالے اور عالم سفلی کے بہت سے لوگ اس کی مدح کریں اور دشمنوں کی زبانیں اسپر اعتراض کرنے سے رک جائیں اور خدا تعالےٰ کے نزدیک وہ ودود اور محمود کرنے والوں سے لکھا جائے اور یہ اسم اللہ تعالےٰ کے نیک بندوں کا ذکر ہے (اسمہ وھاب) یہ غریبوں کا ذکر ہے جو اس کو ہر روز آٹھ ہزار بار اور ہر رات میں بیس ہزار بار چند سالوں تک پڑھے۔ اس شرط کے ساتھ کہ روزانہ روزہ رکھے اور شروع شروع میں لباس بہت اچھا پہنے اور کھانا بھی اچھا ہی کھائے اور ذکر شروع کرنے سے پہلے اعتکاف اور رات کو نوافل بہت پڑھے اور لوگوں کے ساتھ بیٹھنا اختتام کرے اور جب ان کے ساتھ بیٹھے تو سوا اس کلام کے جس سے خدا تعالےٰ راضی ہو کوئی دوسرا کلام نہ کرے مثلاً اولیا و انبیاء کے واقعات یا آخرت کی خبریں سنائے اور لوگوں کے مالوں سے پرہیز رکھے جب تک اس کو حکم نہ دیا جائے اسوقت تک لوگوں کی کوئی چیز نہ لے اور ہر وقت وضو سے ہے اور سخت نیند کے وقت سو جائے پھر اسکے لئے دروازہ کھلے اور وہ دیکھے کہ آنے والے اس کی وجہ سے کھڑے ہوں اور اس سے کہیں کہ اے فلان تیرے لئے مناسب تو یہ ہے کہ تو فلاں مکان میں رہے اور مسکینوں کی امداد کرے اور قوی و ضعیف سب تجھ سے نفع پائیں اور ہر تندرست بیمار کو تجھ سے فیض پہنچے پھر وہ اس کے لئے مباح کر دینگے کہ اس تعداد تک بطفیل اسماء الٰہی پہنچ جائے اور تمام معدنوں اور جوہروں کے خزانے اسکے واسطے کھلجائینگے اسکو مناسب ہے کہ ہر مرید کو اسکے لائق ذکر کی تعلیم دے اور اسکو اسکے مولا تک پہنچا دے اور پاک خزانوں پر اسے مطلع کرے (اسمہ حفیظ) اس اسم کو ہر دن اور رات میں دس ہزار بار چند ماہ تک پڑھنا چاہئے ذاکر کو بعد میں خدام روحانی ظاہر ہونگے اس کو ان سے زمین کے نیچے کے پانیوں کا سوال کرنا چاہئے وہ اسکو سرمہ دینگے پس جسوقت وہ صبح کو اپنی آنکھوں میں سرمہ لگائیگا پانیوں کو دیکھنے لگا زمین کے اندر جہاں بھی ہونگے اور یہ معلوم ہو جائے گا کہ کسقدر دور اور نزدیک ہیں اور ان کی مقدار کیا ہے اسکو سمجھ لو (اسمہ رقیب) یہ اسم اہل کشف ولیوں کا ذکر ہے اسکو شب و روز پڑھنا چاہئے بلا ناغہ چند ماہ تک

قوت کے اندر چھپی ہیں کا پردہ اٹھ جائیگا اور خدا تعالےٰ ذاکر کو روشن و ظہور کی زبان عنایت کریگا اور لوگوں کے دلوں کے رازوں پر اطلاع ہوگی (اسمہ حسیب) اس اسم کو ہر دن پانسو بار چند ماہ تک بلاناغہ پڑھنا چاہئے جب پڑھے تو قبلہ رخ بیٹھے اس کا ثمرہ یہ ہے کہ خدا تعالےٰ اس کی تمنائیں پوری کرے یہاں تک کہ اگر خلافت شاہی یا حاکم بننے کی بھی تمنا کرے گا تو وہ پوری ہوگی لیکن اعتکاف آبادی سے دور تنہائی میں کرے (اسمہ حلیم) یہ اسم بہت گناہوں والے کو مناسب ہے ہر دن دو ہزار بار پڑھنے سے خدا تعالےٰ کی بخشش و رسائی کے آثار نظر آنے لگتے ہیں اور خدا تعالےٰ اسم مذکور کی برکت سے اس کو گناہوں سے نکال کر انوار طاعت میں داخل فرماتا ہے کہ پھر اس کے اعضا گناہوں کو برا جانے لگتے ہیں (اسمہ مغیث) جو شخص ہمیشہ اس اسم کا لفظ یا کے ساتھ روزانہ چند ماہ تک سات ہزار بار ذکر کرتا ہے تو اللہ تعالےٰ اس کی دعا قبول کرتا ہے اور اگر کسی ظالم پر بددعا کرتا ہے تو وہ مقبول ہوتی ہے (اسمہ قوی) اس اسم کو ہر دن اس کے عددوں کی مقدار بلکہ اس سے دو چند سہ چند بار ذکر کرنا چاہئے ذاکر اگر عبادت سے پست ہمت ہو گیا ہو تو اللہ تعالےٰ اس کے اعضا میں عبادت کی قوت دے یہاں تک کہ اگر رات کو نفل پڑھا کرے اور دن کو روزہ رکھا کرے تو بھی نہ تھکے اور اس کی نیت ہر حال میں قوی رہے اور اس کے دل میں یقین جاگے (اسمہ ودود) اس اسم کو ساعت سعید میں کھانے پر پڑھ کر خلاف اور حضور کی دعوت سلگانی چاہئے اس کے بعد اس کھانے کو جو بھی کھائیگا وہ ذاکر پر فریفتہ ہو جائیگا (اسمہ متعال) اس اسم کو ہر نماز کے بعد اسکے عددوں کی برابر ایک مدت تک ذکر کرنے والا اگر گمنام ہوگا تو نامور ہو جائے گا اور مخلوقات اس کی تابعدار ہوگی (اسمہ باعث) اس کو اس کے عددوں کی برابر چالیس دن تک ہر نماز کے بعد وہ شخص پڑھے جس کا گھر نہ ہو تو خدا تعالےٰ اس کو گھر عنایت فرمائے (اسمہ وارث) یہ ابدال کا ذکر ہے جو اس کو بارہ ہزار بار ہر دن اور رات میں چند سالوں تک ہمیشہ متواتر پڑھے اور شریعت کی منہیات سے پرہیز کرے اور ہر اس چیز کی پیروی کرے جس میں خدا تعالےٰ کی رضامندی ہے تو وہ اس درجہ تک پہنچ جائے کہ جس حیوان کی شکل میں چاہے جا سکے (اسمہ رشید) اس کا خادم روحانی عطیائیل ہے جو اسکو خلوت کے اندر بارات چند ماہ ذکر کرے تو خادم روحانی اسکے سامنے حاضر ہو اور اس کے ہمراہ بڑا لشکر ہو پھر روحانی کے لئے سرخ دیبا کا ایک خیمہ نصب کیا جائے وہ اس کے وسط میں بیٹھے پھر ذاکر کو سلام کرے ذاکر کو چاہئے کہ سلام کا جواب دے پھر وہ ذاکر سے کہیگا کہ اے بندۂ خدا اور اس اسم کے خادم تو کیا چاہتا ہے ذاکر کو جواب دینا چاہئے کہ مجھے وہ پتھر بتائے کہ جس کے پاس وہ ہو تو تمام اس کی تابعدار ہو جائے اس کے بعد وہ ذاکر سے شرطیں لے کر ایک سرخ یاقوت دیگا ذاکر کو چاہئے کہ اس پتھر کو اپنی جیب میں رکھے پھر جو چیز طلب کریگا وہ اس کے سامنے حاضر ہوگی اور جس شہر میں جائیگا اس کے باشندے مطیع و فرمانبردار رہینگے (اسمہ خالق) اس کو صبح و شام چار ہزار بار چند ایام تک ذکر کرو اور یہ نیت رکھو کہ تمہارے خادم سے تمہارا ابدال ملجائے چنانچہ ہمیشہ کرتے رہنے سے مقصد حاصل ہوگا (اسمہ مبین) اس اسم کو ہر رات سوتے وقت ایک ہزار بار پڑھو اور جب جاگو تو وضو کر کے سات ہزار

بار پڑھو اور خدا تعالیٰ سے یہ دعا کرو کہ وہ خزانے اور دفینے ظاہر فرمائے مگر حلال کھانا شرط ہے اس کے بعد خدا تعالیٰ تمہاری مراد پوری کرے گا (اسم نور) اس اسم کو ہر نماز کے بعد اس کے عددوں کی برابر ہمیشہ پڑھنے سے انوار و معارف حاصل ہوتے ہیں اور زمین و آسمان کی اشیاء منکشف ہونے لگتی ہیں (اسم حفیظ) اس اسم کو ہر نماز کے بعد اس کے عددوں کی برابر چند ماہ تک پڑھو پھر جب تم پر کوئی ظلم کرے تو لکھو کر یا حفیظ احفظنی من فلان الذی ظلمنی عنّی پس خدا تعالیٰ اس ظالم کو عذاب دیگا (اسم رزاق) جو شخص اس اسم کو بکثرت اس کے عددوں کی برابر ہر فرض نماز کے بعد چند ماہ تک پڑھے تو خدا تعالیٰ اسپر رزق کا فیض جاری کرے اور کسی مخلوق کا اسکو حاجتمند نہ بنائے (اسم متین) اس اسم کو ہر روز ہر فرض نماز کے بعد اس کے عددوں کی برابر سات ہزار بار چند ماہ تک پڑھنے سے خدا تعالیٰ خاص اخلاق اور سیاست کے طریقے تعلیم دے (اسم جبار) یہ اسم اس شخص کے لئے مناسب ہے جو مخلوق کو اپنی جانب متوجہ کرنا چاہے کہ وہ اس کو ہر فرض نماز کے بعد ایک سال تک پڑھا کرے اور حلال کھائے اور پاکیزہ کپڑا پہنے تو ایک سال کی مدت بھی نہ ہوگی کہ وہ خدا تعالیٰ کی صفت کو دیکھ لے گا (اسم باقی) اس اسم کو ہر فرض نماز کے بعد پڑھنا چاہئے تاکہ اگر کسی بڑے عہدہ پر ہو یا قوم کا امیر رئیس ہو تو وہ تنزلی نہ پاوے (اسم ذو الجلال والاکرام) یہ اسم اعظم ہے اس کی تاثیرات بہت ہیں اور بہت جلد دعا قبول کراتا ہے۔ لیکن یہ شرطیں ہیں کہ ذاکر باطہارت ہو آبادی سے دور تنہائی میں ہو اور سخت نیند کے وقت سووے اور حلال کھانا کھاوے اور حلال ہی پہنے اور ہر جمعہ کی رات میں لوبان ذکر کی دھونی دیوے اور ایک ماہ تک اس خلوت میں ٹھہرے اور ترک حیوانات کرے اس کے بعد ایک سرخ روشنی ظاہر ہوگی جو اطراف میں پھیلی ہوئی ہوگی پھر وہ روشنی دور ہو جائے گی اور ہر گروہ سے جنات کے گروہ حاضر ہونگے ان کی حالت کو دیکھ کر خوف نہ کرنا چاہئے پھر وہ چلے جائینگے اور روحانی عظیم الشان صورت میں ہر قسم کی زینت کے اندر ظاہر ہونگے جب سلام کریں تو ذاکر ان کو جواب دے پھر وہ بیٹھ کر کہینگے اے عابد تو اس اسم اعظم سے کیا چاہتا ہے تو ذاکر کو جواب دینا چاہئے کہ میرا مقصد اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ہے پھر وہ چلے جائینگے اور دائرہ سبعہ میں سے پہلا دائرہ ظاہر ہوگا اور وہ ذاکر کو سلام کرے گا اور سب یہ کہینگے کہ مَرْحَبًا اَهْلًا وَّسَهْلًا عَلَیْکُمْ اِسْمُ اللّٰہِ الْاَعْظَم پھر وہ بیٹھ کر اپنے سامنے کو بڑھ تو ذاکر کو دائرہ ربانیہ نظر آئیگا پھر اور آگے بڑھ کر دائرہ ملکوتیہ نظر آئیگا اور اور آگے بڑھ کر دائرہ صمدانیہ اور آگے بڑھ کر دائرہ جبروتیہ اور اس کے بعد خوش فرشتے اور نیک صالح لوگ ہونگے پھر ان سے آگے بڑھ کر ایک نور کا پردہ نظر آئے گا جب ذاکر اس کو چیر کر آگے بڑھیگا تو دوبارہ صمدانی نظر آئے گا اور دائرہ وحدانیہ اور یہ دربار سعیدہ کے نزدیک ہے وہاں ذاکر کو ذوالجلال والاکرام کے ذکر کی فصیح آواز آئے گی اور ہاتف غیب یہ پکارتا ہوگا کہ هٰذَا عَطَاؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ اور جب سالک اس مقام پر پہنچ جاتا ہے تو پھر اسکی یہ کیفیت ہو جاتی ہے کہ جس چیز کے لئے دعا کرتا ہے وہ پوری

ہوتی ہے اور جب اسم ذوالجلال والاکرام پڑھ کر کسی چیز کا سوال کرتا ہے تو وہ مل جاتی ہے اور آصف بن برخیا وزیر سلیمان علیہ السلام کے پاس یہی اسم اعظم تھا (اسم وتر) اس کو وقت سعید میں جبکہ چاند برج ثابت میں ہو جھنڈے پر لکھا جائے تو جس لشکر میں وہ جھنڈا ہو اس کو شکست نہ ہو (اسم اعلیٰ) اس کو ہر نماز کے بعد دو سو بار چند ماہ تک جو شخص پڑھیگا اللہ تعالیٰ اسکو یقین کامل اور کرامات و دنیا عنایت فرمائیگا (اسم باطن) اس کو ہر نماز کے بعد تین سو بار چند ماہ پڑھنے سے امور پوشیدہ پر اطلاع نصیب ہوتی ہے لیکن اتنی مدت تک ترک حیوانات لازمی بات ہے (اسم ظاہر) اس کو ہر فرض نماز کے بعد اس کے عددوں کے برابر چند ماہ پڑھنے سے تمام عالم دنیوی منکشف ہوتا ہے اور ذاکر کے باطن سے اسرار باطنیہ کا ظہور ہونے لگتا ہے (اسم حکم) اس کو ہر نماز کے بعد چند ماہ تک عددوں کی برابر پڑھنے سے بلند مرتبے ملتے ہیں اور مخلوق پر حکومت نصیب ہوتی ہے (اسم عدل) یہ اسم جمعہ کے اندر لکھا جاتا ہے اور لوبان ذکر کی دھونی دی جاتی ہے۔ پھر اس مثلث کو پیسے کی تختی میں رکھا جاتا ہے۔ پھر اس تختی کو جس رئیس یا ظالم کے گھر میں دفن کر دیا جائے وہ اپنے عہدہ سے معزول ہو جائے (اسم صبور) اس کو ہر دن اور ہر رات بارہ ہزار دفعہ پڑھنا چاہئے تاکہ روزانہ چوبیس ہزار دفعہ ہو جائے شرط ہے کہ طہارت کامل ہو اور معدہ کھانے سے خالی ہو اس کا فائدہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ذاکر کو اسرار ربوبیت تعلیم کرے۔ اور اس کے ہاتھوں سے کرامتیں ظاہر ہونے لگیں (اسم واحد) اس کا روحانی خادم سمخیائیل ہے اور عمل کی ترکیب یہ ہے کہ اسکو ہر دن اور ہر رات ۱۲ ہزار بار روزانہ چند ماہ تک خلوت میں پڑھو پھر فرشتہ سمخیائیل ایک بڑے لشکر میں تیز رو گھوڑے پر سوار آکر تم کو سلام کرے گا تم اسکے سلام کا جواب دینا پھر وہ تم سے کہیگا کہ اے ولی خدا تیری کیا حاجت ہے تم اس کو جواب دینا کہ میری حاجت یہ ہے کہ تو تانبے کو سونا اور چاندی بنانے میں میری خدمت کرے وہ تم سے کچھ شرطیں لیگا اور امارت دیگا پھر تھوڑی سی دیر میں تمہارے حکم سے انقلاب اشیاء ہو جایا کریگا (اسم واجد) اس اسم کو سات ہزار بار ہر روز آدھی رات کے وقت چند ایام تک پڑھو پھر خدا تعالیٰ تم کو استغنا دیگا کہ تم کو بے پرواہ کر دیگا اور جس چیز کا خیال تمہارے دل میں آیا کریگا وہ چیز فورا موجود ہو جایا کرے گی (اسم مجید) اس کو ہر دن ایک ہزار بار پڑھو تمہارا نام ہوگا اور مخلوق کے اندر تمہاری شہرت ہو جائیگی (اسم محیی) اس کو ہر نماز کے بعد اسکے عددوں کی برابر چند ماہ تک پڑھنے سے ایک تو ذاکر کو شہرت حاصل ہوتی ہے دوسرے اگر وہ بیمار ہو تو اللہ تعالیٰ اسکی بیماری کو دور کرتا ہے (اسم ممیت) اس کو ہر دن اور ہر رات دس دس ہزار بار پڑھنے سے خواب اندر نظر آتا ہے کہ ذاکر کو کوئی سخت سپاہی چمکدار تلوار دے رہا ہے اور ذاکر سے کہتا ہے کہ یہ تلوار جس کے چاہو مارو پس ذاکر جس کے قتل کا ارادہ کرتا ہوا اسکی طرف اشارہ کرے وہ اسی وقت مر جائے گا لیکن اتنی مدت تک ترک حیوانات لازم ہے (اسم خالق) اس کو ساعت سعید میں کورے برتن کے اندر گیارہ ہزار بار لکھو اور سات چشموں کے پانی سے دھو کر وہ پانی باغ کے پیڑوں میں ڈالدو وہ درخت ضرور پرورش ہوں (اسم قریب) اسکو ہر دن آٹھ ہزار بار

چند روز تک پڑھنے سے خدا تعالیٰ ذاکر پر قرب کا دروازہ کھول دیتا ہے پھر تمام انسان اور جنات سب کو تابعدار ہو کر حاجات پوری کرتے ہیں اس مدت میں ترک حیوانات ضروری ہے (اسم غنی) اس کو شب و روز بے گنتی چند ماہ پڑھو اللہ تعالیٰ مال بھی بے حساب دیگا (اسم رشید) اس کے خادم روحانی کا نام فیغیایش ہے اس کے عمل کی ترکیب یہ ہے کہ ہر دن اور رات میں اس کو سولہ ہزار بار پڑھو اور ترک حیوانات اور اکل حلال اور لباس حلال شرط ہے بس کے بعد ایک روحانی اگر تم کو سلام کرے گا تم اس کا جواب دینا پھر تم سے معلوم کرے گا ... غیر مقصد کیا ہے تم اس کو جواب دینا کہ رضائے مولا عزوجل اور آپ کا ساتھ ہو تاوہ تم کو ایک سپید پتھر دیگا اور تم سے شرطیں لے لیگا پھر جب تم اس پتھر کو گل سے نزدیک کروگے تو خادم فوراً حاضر ہوگا اور حاجت پوری کرے گا جو چیز تم منگاؤ گے کھانے کی پینے کی روپیہ پیسہ وغیرہ سب حاضر کرے گا (اسم متعال) اس کو ہتھیاروں پر لکھو اور جب دشمن سے لڑو تو اس کا ذکر کرو تو دشمن مغلوب ہو اور اگر سات دن تک ہر روز ایک ہزار بار اس کو پڑھو تو دشمن کا مکر دور ہو (اسم جلیل) اس کے ذاکر پر قدرت کا جلال ظاہر ہوتا ہے ہر روز ایک ہزار بار پڑھنا چاہئے اور اگر اسکو گلاب کے پانی اور زعفران سے ملکر مشک کی دھونی دی جائے تو پھر جو اسکو اپنے پاس رکھے تو اسکو بالخصوص مظہر جلال بنادے (اسم غفور) یہ اسم اپنے تلاوت کرنے والے سے ہر قسم کا درد اور ہر طرح کی تنگی اور قلق دور کرتا ہے اس کو ہر دن ایک سو بار پڑھ کر اپنے بدن پر دمے اور اگر ایک سو بار لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر پیو تو بدن تندرست رہے اور کم بینائی والا اگر صبح شام اس کو پڑھ کر اپنے منہ پر ملا کرے تو بینائی زیادہ ہوجائے (اسم مقتدر) کسی سے لڑائی کے وقت اگر اس کو پڑھے تو اس سے نجات پاوے اور اگر جمعرات کے روز ایکہزار بار لکھ کر اپنے باندھو اور پھر دشمن سے لڑو تو بیس آدمیوں کی قوت عطا ہو (اسم مؤمن) جو شخص پابندی کے ساتھ اس کے ذکر کو ہمیشہ جاری رکھے تو قبول و رضامندی کا دروازہ اسکے لئے کھل جائے لیکن ہر دن ایک ہزار پڑھنا چاہئے (اسم منتقم) جو اسکو اس کے عددوں کی برابر دنوں تک ہر نماز کے بعد پڑھا کرے اور ترک حیوانات پر قائم رہے تو سوتے میں اس اسم کا خادم اسکو ایک سیاہ پتھر دیدے جس وہ جاگنے کے بعد اپنے سر کے نیچے رکھا پاوے چاہئے کہ اس پتھر کو بہ حفاظت رکھے اور جب اس کو کسی سے ضرر پہنچے تو اسم مذکور پتھر پر لکھ کر آگ میں ڈالدے ضرر دینے والے سے بدلہ اس کو ملجائے گا (اسم مالک الملک) اس کے خادم کا نام مرعیائیل ہے اس اسم کو چند ایام پڑھ کر آبادی سے دور خلوت میں چلا جانا چاہئے۔ ترک حیوانات اس میں ضروری ہے اور ہر رات تنہا اور لوبان سلگائے اور دن میں آٹھ ہزار بار اور رات میں بارہ ہزار بار چند ماہ تک اسم مذکور کو پڑھے تاکہ اس کا خادم اس آدمی کی شکل میں آئے جس کا رنگ سپید اور اس کے سر پر عمامہ کے اندر سرخ یاقوت ہو اور اس کے ہمراہ لشکر عظیم ہو اور وہ خود گھوڑے پر سوار ہو اور تم کو سلام کرے تم اس کا جواب دو پھر وہ تم کو معلوم کرے کہ اے ولی خدا کیا چاہتے ہو تو تم جواب دو کہ آپ کے ساتھ رہنا پس وہ تم سے اللہ

کے واسطے بجانی چاہئے کا عہد لیگا پھر تمہیں لیاقت سلطانیہ کو پیش کرے گا۔ تو اگر تم امیری کے طالب ہو تو اس سے کہنا کہ لشکروں کی امداد کا طالب ہوں تاکہ اپنے مخالف کو پس پا کروں اور مخلوق کو تیرے واسطے مسخر کردو اور عزت کی باگ کا مجھے مالک بنادو پھر وہ تم کو ایک لکڑی دیدیگا سپید چاندی کی تم اسکو اپنے ہاتھ میں حرکت دینا پھر جو حاجت چاہو اس کے لئے تین بار روحانی کا نام لے کر پکارنا پھر اسم مذکور کا ذکر کرکے اس لکڑی سے اشارہ کرنا خادم فوراً حاضر ہوگا اور اس کا لشکر بھی ہمراہ ہوگا۔

تتمہ

اس باب کے چند ماہ سے مراد کم از کم دو ماہ اور زیادہ سے زیادہ آٹھ ہیں اسی طرح چند سالوں سے اور منجملہ شروط مذکورہ کے خدا تعالیٰ سے ڈرنا اور کم کھانا اور جانور سے بچنا بھی ضروری ہے

تیسرا باب آیات قرآنی کے خواص کے بیان میں

میں نے اس کتاب میں بہت مختصر طریقے سے خاصیتوں کا بیان کیا ہے اگر طویل بیان دیکھنا چاہو تو ہماری کتاب تاج الملوک و زینۃ الممالک الملوک کو دیکھو آیت (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ سورت کے اخیر تک) کی خاصیت یہ ہے کہ جو اس کو ہر رات سات بار پڑھ کر سویا کرے وہ اسدن لوہے وغیرہ سے ہلاک نہ ہو اور نہ اچانک موت آئے اور اس آیت کا تعویذ عجیب ہے جس کو مشک عنبر اور گلاب کے پانی اور زعفران سے طالع عقرب کے وقت لکھا جاتا ہے جو اس کو اپنے پاس رکھے اس میں تلوار اور لوہا اثر نہ کرے جب تک وہ تعویذ اسکے پاس ہے اور اس تعویذ کے عجیب فائدے ہیں اس کو پاس رکھنے والا بڑے لوگوں میں مقبول ہوتا ہے اور دشمنوں کی زبانیں بند ہوجاتی ہیں خوفناک مقامات میں حفاظت رہتی ہے جنگ کے ہتھیاروں کا مقابلہ ممکن ہوتا ہے لوگوں پر ہیبت پڑتی ہے جنات آزمائش ہوجاتے ہیں ہر قسم ضرر دور ہوجاتا ہے اگر کسی عورت سے زنا کے صدور کا اندیشہ ہو تو اس کو لکھکر پلاؤ کبھی زنا نہ کریگی اگر اسکو لکھکر اسباب میں رکھدیا جائے تو وہ بچا رہیگا اور اگر اس کو کسی برتن میں لکھکر بارش کے پانی سے دھو لو اور پھر اس کو اس پانی میں ملا کر جو باغوں کو دیا جاتا ہو تو اس کے پھل بڑھیں اور اگر اس کو لکھکر اور بارش کے پانی سے دھو کر ڈرنے والے کو پلاؤ تو وہ بے خوف ہوجائے اور جو کوئی اسکو اپنے پاس رکھے اور جو بھی اس کو اپنے پاس رکھے جادو اس میں اثر نہ کرے اور درد سر کے لئے بھی مفید ہے اور پیٹ کے درد والا اس کو پیوے اور جس کے سنگریزے ہوں اسکو پلانا فائدہ دیتا ہے اور قیدی کے لئے ساعت سعید میں لکھکر اپنے پاس رکھنا نجات کا باعث ہوتا ہے اور اگر خروج نفاس میں تکلیف ہو تو برتن میں لکھکر عورت کو پلایا جائے اور اگر کسی پر جادو ہوا ہو تو اسکو لوہے کے برتن میں لکھکر پانی سے دھو کر پلایا جائے اور اس پانی سے غسل دیا جائے اور اگر اس کو لکھکر مکان کے بالاخانہ میں لٹکا دیا جائے تو چور نہ آسکے اور اگر کشتیوں کے وقت اسکو لکھو تو کشتی ڈوبنے سے بچ جائے اور اگر سردار قوم جنگ کے اندر اسکو اپنے پاس رکھے تو اس کا لشکر شکست نہ کھاوے لیکن باطہارت رہے اور اگر سات

بلکہ اسکو لکھ کر ہر خوردہ کو یہ دھو کر پلا جائے وہ اچھا ہو جائے اور شخص اس کو ہر جمعہ کے دن
پڑھے اس کا بدن تندرست رہے اور کوئی درد اس کو نہ پہنچے اور اگر کسی بیمار کو پلایا جائے
تو اس کو شفا ہو اور جو اس کو کاغذ پر لکھ کر کھیتی کے اندر رکھ دے تو اس کی کھیتی خوب زیادہ
ہو اور اگر اس کو کوئی سوداگر اپنے مال میں رکھے تو اس میں برکت ظاہر ہو اور جو اس کو کسی جوان
عورت کے ساتھ نکاح کی نیت سے لکھے تو وہ ایک مہینہ کے اندر نکاح کرے اور اگر کشتی
میں اس نقش کو لکھ دیا جائے تو وہ غرق ہونے سے محفوظ ہے اور اگر کوئی مسافر اس کو اپنے
ساتھ لے تو اپنے وطن صحیح وسالم واپس آئے۔ اور جدول حسب ذیل ہے۔

العظیم	العرش	رب	وهو	توکلت	علیه	لاهو	لااله	الله	العظیم
الله	حسبی	فضل	قولوا	ذات	رحیم	رؤف	بالمؤمنین	حسبی	العرش
لااله	بالمؤمنین	علیکم	حریص	ماعنتم	علیه	عزیز	علیکم	فضل	رب
لاهو	عنت	رحیم	انفسکم	من	رسول	انفسکم	حریص	قولوا	هو
توکلت	ذات	ماعنتم	من	لقد جاءکم	جاءکم	من	ماعنتم	ذات	قولوا
علیه	رحیم	علیه	رسول	جاءکم	جاءکم	رسول	علیه	رحیم	علیه
وهو	قولوا	حریص	انفسکم	رسول	من	انفسکم	عزیز	رؤف	الاهو
رب	فضل	علیکم	عزیز	علیه	ماعنتم	حریص	علیکم	بالمؤمنین	لااله
العرش	حسبی	بالمؤمنین	رؤف	رحیم	ذات	قولوا	فضل	حسبی	الله
العظیم	الله	لااله	لاهو	علیکم	توکلت	وهو	رب	العرش	العظیم

آیت وَاللّٰهُ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ
رِزْقًا لَّكُمْ (تا) وَاٰتٰكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ کی یہ خاصیت ہے کہ اگر اس کو کشتی پر وقت سعید
میں لکھا جائے تو بہت جلد بھی ہوا میں آئے نہیں اور وہ غرق ہونے سے بچ جائے اسی طرح
دشمن سے بچے اور اگر اسکو کاغذ میں لکھ کر وقت سعید میں پھر نہر یا چشمہ کے پانی سے دھو کر کسی
درخت یا پودہ کو دیا جائے تو اس فصل میں برکت ظاہر ہو اور جو اس اسم کو ہر دن اور رات میں
اسکے عددوں کی برابر پڑھے اور اس کے ساتھ اور کوئی ورد نہ پڑھے تو ایک برس گذرنے سے
پہلے عالم کی ہر چیز اس کے تابعدار ہو جائے آیت یہ ہے (وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ
شکوہ تک کی خاصیت یہ ہے کہ اس سے جنات کے تمام قبیلے تابعدار ہو جاتے ہیں ترکیب یہ ہے کہ ہر نماز
کے بعد تنہائی میں ایک سو بار ذکر کرے اور لوبان کی خوشبو جلائے اور جب چالیس دن پورے
ہو جائیں تو پردہ اٹھ جائے اور ایک سپید شہر نظر آئے جس کے گرد دو نہریں ہوں اور مکان کے مقابلہ
میں ایک باغ جس کے اندر مرجان کے درخت ہوں اور اسکے اندر سپید ریشم کا خیمہ ہو جس کے اندر
ایک کرسی یاقوت اور موتیوں سے جڑی ہوئی رکھی ہو پس اگر کوئی جگہ کھڑا ہونا چاہے اور اس میں
پر جو شخص بیٹھا ہو اس کی طاقت نہیں اور اس کے بعد ذاکر کسی سے بھی کلام نہ کرے اور دیکھے

سے اس کرسی پر بیٹھ جاوے اور جب اچھی طرح سنبھل جائے تو یہ کہے اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ
شُكْرًا پھر اس کے آگے ایک گروہ جنات کے بادشاہوں کا گذرے گا اور وہ اسے سلام
کرے گا۔ پس ذاکر کو اسکے سلام کا جواب دینا چاہئے اور یہ قول دوبارہ پڑھے کہ اعملوا آل
داؤد شکرا پھر اسکو ایک لشکر عظیم نظر آئیگا اور اس کے بیچ میں ایک بادشاہ ہوگا جو تیز گھوڑے
پر سوار ہوگا اور لباس سپید پہنے ہوگا اور اس کے ہاتھ میں ایک نیزہ ہوگا جس کے اندر سپید
ریشم کا پھریرا ہوگا اور اس کے اندر تین سطریں سبز اور زرد اور سرخ ریشم کی لکھی ہوئی اس آیت
کی کہ اعملوا آل داؤد شکرا پھر ذاکر کو چاہئے کہ اس بادشاہ کو سلام کرے وہ جواب
دیگا اور سریانی زبان میں کلام کریگا اور خدا تعالیٰ اس کو اس کا مطلب سمجھا دیگا پھر ذاکر کو چاہئے
کہ جس کو مسخر کرنا منظور ہو اس کا ذکر کرے وہ بادشاہ شرط لے کر اسکو چاندی کی انگوٹھی
دیگا جس کے اندر [illegible] حَسْبُنَا اللّٰهُ [illegible]
حَسْبُنَا اللّٰهُ [illegible] وہ خادم حاضر ہوگا آیت [illegible]
وقت سعید میں سفید ریشم کی اشرفی کے اندر لکھا جائے اور اس میں دس دانے گیہوں اور جو کے رکھے
جاویں اور ہر دانہ پر آیت مذکورہ دس دس ہزار بار پڑھی جائے تو اس کھیت میں وہ کثرت ہو
اور برکت رہے [illegible] کثرت تعداد فروخت کیونکہ
تب بھی سال بھر میں یہ معلوم نہ ہو کہ اس میں سے کس قدر فروخت ہوا آیت [illegible]
[illegible] کی خاصیت یہ ہے کہ اگر اس کو طرح کاغذ پر مشک و زعفران
سے وقت سعید میں لکھ کر اس کو جھنڈے پر لگایا جائے پھر اس جھنڈے کو لیکر دشمن کا مقابلہ کیا
جاوے تو شکست دشمن کو ہو اور جھنڈے والے کو فتح نصیب ہو آیت سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ
وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ (آخر سورت تک) کی خاصیت یہ ہے کہ جو شخص خوابوں اور غیبوں پر مطلع ہونا
چاہے تو اس آیت کو اس کے عددوں کے برابر ہر رات کو سوتے وقت سات ہفتوں تک
پڑھے تو وہ حالتیں جاگتے میں اس کے سامنے آئیں اور خوابوں اور غیبوں اور آنے والے سال
بھر کے واقعات کی اطلاع ہو آیت [illegible] تک کی خاصیت
یہ ہے کہ جو قوت حافظہ پیدا کرنا چاہے وہ اس آیت کو اس کے عددوں کی برابر لکھ کر اپنے
ساتھ رکھے تو اس کو کسی آدمی سے ضرر نہ پہنچے اور رنج سے اور اگر وہ کاغذ کسی اسباب میں رکھ دیا جائے
تو اسکو چور نہ چرا سکیں اور اگر اس کو کوئی عورت اپنے پاس رکھے تو اس کے خاوند کے
سوا اور کوئی نہ دیکھے آیت فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
کی خاصیت یہ ہے کہ اگر کوئی اس کا ورد کرنے کے لئے [illegible] جب وقت نحس ہو تو سیدھا
اسکو کتر کے نام کے ساتھ لکھو پھر اس کے لگے ہوئے کو آگ کے نزدیک کر دو سوال کے مکان [illegible]
ہو گے اور وہ خود جل کر ہو جائیگا آیت وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا کی خاصیت یہ ہے کہ جو
قوت حافظہ اور علم کا طلبگار ہو وہ اس کو ہر طلوع آفتاب سے پہلے اس کے عددوں کی برابر
کاغذ کے برتن میں لکھے پانی اور زعفران پھر کنوئیں کے پانی سے لکھ کر [illegible]

کرآفتاب اس کو نہ پہنچا ہو یا چشمہ کے پانی سے جس کو دھوپ نہ لگتی ہو خدا تعالےٰ چاہے تو اسکا حافظہ زیادہ ہوگا لیکن ہمیشگی شرط ہے۔

چوتھا باب (۴) سونے چاندی کی کھانیں نکالنے میں

(چاندی کا پتھر) بھاری سفید براق ہے جب تم اسکو تیز آگ میں ڈالو تو پھیل جائے اور اس کے میل کو دور کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ اسکو گھس کر پانی اور نمک سے دھوڈالو پھر چھوڑدو یہاں تک کہ سوکھ جائے پھر اس کو آگ میں کوئلوں کے اوپر ڈالکر اھلیلج کابلی چھڑکو تب اس کا میل دور ہو جائیگا پھر اس کو آگ ہی میں چھوڑ دے رکھو تاکہ وہ اکٹھا ہو جائے (ایک اور قسم سیاہ) اس میں کچھ سفیدی ہے اور وزن خوب ہے نیلے پن کی طرف مائل ہے جب اس کو آگ میں ڈالا جائے تو جوہر میل سے جدا نہیں ہوتا البتہ اس کے جدا کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ اس کو خوب گھس کر دھکتی ہوئی آگ میں انگیٹھی کے اندر ڈالدو اسپر قطران الدو ڈالکر چھڑکو پھر اسپر جاؤشیر معدنی ڈالو تو چاندی میل سے الگ ہوا اور آگ کے اندر انگیٹھی کی ہوئی ملے (ایک اور قسم) چاندی کے معدنوں میں سے ایک نیلا پتھر ہے وزنی جو سبزی کی طرف مائل ہے اسکے اندر سپید روغن کی اور اسکے جوہر کو میل سے نکالنے کی ترکیب یہ ہے کہ اس کو گھسکر آگ کی انگیٹھی میں ڈالو پھر جب دیکھو کہ اس سے سرخ چنگے یا کالا دھواں نکلنے لگا تو جانو کہ میل جدا ہو جانے کا (ایک اور قسم) سفید پتھر سبزی کی طرف مائل ملکر چمکدار گھسنے میں کھرا ہے اس کے میل کو دور کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ اسکو تھوڑا سا گھس کر آگ میں رکھو جب اس میں سبز دھواں اوپر کو اٹھنے لگے جس کی بو گندھک کی طرح ہو تو بیاض مرکب اسپر چھڑکو بس میل الگ ہو جائیگا اور بھٹی کے اندر خالص جوہر رہجائیگا (ایک اور قسم) سبز پتھر وزنی مائل بسیاہی ہے اس کے اندر سپید خطوط ہیں اور جیتاق کے پتھر سے نزدیک ہے۔ اور اس سے میل بدون پگھلانے نہیں نکلتا اور الگ کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ اسکو خوب گھس کر قطران اور نمک سے دھوڈالو پھر اسکو کوئلوں پر تحت آگ کے اندر ڈالدو تو وہ پگھل جائے گا۔ اور گندھک کا شعلہ اس سے باہر کو نکلتا ہوا معلوم دیگا اور دھواں اس سے بکثرت اٹھتا ہوگا حتاکہ دور دور کے آدمیوں کو چھینکے آنے لگینگی اور میل الگ کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ اسپر کچھ ھلیلہ کابلی ڈالو تو فوراً اس کا میل دور ہو کر خالص چاندی رہجائیگی (ایک اور قسم) یہ سیاہ پتھر ہے اس میں بو بھی نہیں ہے اور سپید خطوط اس کے اندر ہیں بہت جلد پگھلنے والا ہے کچھ رانگ اسکے ساتھ مخلوط ہے رنگ سپید وزنی اور چمکدار معلوم ہوتا ہے جب اسکو توڑا جائے اگر تم اس کو آگ میں ڈالو تو بہت جلد پگھل جاتا ہے لیکن آگ کے اندر اس کا میل الگ نہیں ہوتا ہاں حکیموں کے بعض طریقوں سے میل دور ہوکر وہ خوب سپید نکل آتا ہے (ایک اور قسم) یہ سبز پتھر ہے جو سپیدی اور سیاہی کی طرف مائل ہے اگر اسکو توڑو تو اندر بہت سپید نکلتا ہے پہلے تم اس کو گھس لو اور اوپر سے کچھ جاؤشیر معدنی ڈالو اور سب کو انگاروں پر کوئلوں کے رکھو اور بیاض مرکب اسپر چھڑکتے جاؤ اور سپید کو گندھک کے

دھواں اوڑیگا اور چاندی پاک بچے انگیٹھی میں رہجائیگی (ایک اور قسم) اس کے اندر بے گھسی رنگ ہیں لیکن پگھل جاتا ہے اس کا جوہر بیٹھے اور سفید پن پر ہوتا ہے اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ اسکے معدن میں سنکھیا ہوتا ہے جس سے اس کی چاندی خراب ہو جاتی ہے اور زیادہ دیر ٹھیرنے کی وجہ سے ترکیب کے اندر تانبے کا مزاج آجاتا ہے اور اس کے اندر تانبے کو چاندی سے الگ کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ اس معدن کا جوہر اس تانبے کی کہان سے لو جس کو ذوالقرنین بن ہباسوس قیصی نے کھولا تھا جس کو فارسی زبان میں لقب کہتے ہیں اور اسی معدن سے ذوالقرنین نے تانبا نکالا کر اس میں آگ سے ملایا تھا اور سطحی کرکے معدن جس کا سلیبہ نام ہے اور اسکے اندر ایک چوتھائی چاندی اور دو چوتھائی اور آدھا چوتھائی تانبا اور ایک چوتھائی اور آدھا چوتھائی سنکھیا ہے تو تو دیکھو گے کہ نکلنے کا دھواں الگ کے جوہر سے نکلتا ہے اور نکلنے کے وقت اس کی بو بھی اٹھیگی تو وہ جسقدر میسر آسکے لو اور پھر کچھ زرد جو شیر اور معدنی سپید لیکر گھسو اور اگر سلیبہ مثقال دس ہو ایک اوقیہ وزن برابر کچھ [illegible] اور اسی قدر جو شیر لے کر اسکے اوپر ڈالدو کہ وہ ڈھک جائے لیکن پہلے جو شیر کو گھس لو اور اس کو صابون [illegible] [illegible] [illegible] پونگے (سونے کی معدن کی ایک قسم) یہ قسم ولایت روم اور ملک مغرب میں موجود ہے اور اسکی دو معدنیں خالص جلا دھ سو وہ ان میں موجود ہیں اسکو پگھلانے کے وقت چاندی کے دودھ جیوں کی ضرورت ہے اور آگ کے اندر کسی چیز سے مخلوط نہیں ہوتے اور اسکے اندر جوہر سیر اعمر ہے جو کنوؤں کے اندر موجود ہوتا ہے جبکہ ان کا پانی جوش مارتا ہے اور کبھی زور کے وقت پہاڑ سے گرتا ہے اور خندقوں اور گھاٹیوں میں جمع ہو جاتا ہے۔ یہ دجلہ کے اندر ہوتے ہیں جہاں سودان کے باشندے لیتے ہیں اور ان کی صورتیں آدمیوں کی سی ہیں لیکن ان کی دمیں ہیں چوپایوں کی طرح اور یہ دونوں معدنیں خالص سونا ہیں اور بعض سونے کی کہانیں پہاڑوں اور غاروں میں پائی جاتی ہیں اور ایک قسم سونے کی سیاہ پتھر ہے سبزی کی طرف مائل وزنی اس کو گھسو اور پانی اور نمک سے دھو ڈالو پھر اس کو کوئلوں کے انگاروں پر رکھو اور تھوڑا تھوڑا پانی چھڑکتے رہو جب اس سے چنگے اور زرد رنگ کے شعلے نکلنے لگیں تو پگھلا ہوا توتیا اور کچھ ھلیلہ اسپر چھڑکو تو اس کے پگھل جانے کے بعد آگ کے اندر سونا پاؤ گے اور اس کے ہر طرف میل ہوگا اس کو نکال کر دوبارہ پگھلاؤ تو خالص سونا نکل آئیگا (ایک اور قسم) بعض سونا چھلکوں کی طرح پتلا پرت دار زرد رنگ کا ہوتا ہے ہلکا پھول اگر تم اس کو آگ میں رکھو تو جل جائے اور اگر بچے تو اکٹھا ہوکر بالکل میل ہو جائے اور یہ اس معدن اس کے جوہر کو الگ کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ اس کو کوئلے کی آگ پر رکھ کر لیموں کا پانی چھڑکو جب الگ ہوگا تو کچھ نیلا سونا نکلیگا۔ پھر جب اسپر گھیکوار کا پانی چھڑکو گے تو وہ بالکل صاف ہو جائیگا اور زردی پیلا پن رہے گا (ایک اور قسم) سونے کی ہلکا سونا ہے زرد رنگ والا اسکے اندر سپید خطوط ہوتے ہیں اسکو لے کر پانی اور نمک سے دھو ڈالو درخت عندلان کا جس کو ترکی میں کرک کہتے ہیں دودھ چھڑکو اور اس درخت سے پارہ ایکدن میں بندھ جاتا ہے اور اس معدنی کو زنگ سے سونے کو الگ کرنے

کی ترکیب یہ ہے کہ اس درخت کا دودھ اسپر چھڑکو اور اسکے پتوں اور رگوں کو جب سوکھ جائے
اور پیس لیا جائے تو وہ بھی دودھ کا کام دیتے ہیں جب تم ایسا کروگے تو معدن مذکور پگھل جائے اور
پھر اسپر بار دوبارہ برف بر کو تو جو ہر معدن سے الگ ہو جائے اور آگ کے نیچے تو خالص سونا نکلے
گا ایک اور قسم سونے کی یہ سبز رنگ کا پتھر ہوتا ہے جو زردی کی طرف مائل ہوتا ہے بہت وزنی
یہ معدن کے اندر گندھک کے ساتھ ملا ہوا ہوتا ہے جب تم اسکو آگ میں رکھو تو وہ پگھل جائے اور
گندھک اسکو جلا دے اور اسکو الگ کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ اسکو بے کر گرم پانی سے دھو لو پھر
اسپر کچھ پارہ و شیر معدنی ڈالو تو سونا میل سے الگ ہو جائے۔

حکماء کا طریقہ تنکار

جیسے کہ کبوتر کا چوزہ لے کر اس کا پانی نکالو پھر اس کے ہموزن شب قلی اور شب یمانی اور نطرون
ملاؤ جب یہ سب چیزیں اکٹھی ہو جائیں تو ان سے پانی نچوڑ لو پھر پانی میں ملح ملاؤ اس سے تنکار
بندھ جائے گا کہ ہر معدن اس سے حل ہو سکتا ہے۔

پانچواں باب حکمت نبات کے بیان میں

جاننا چاہیے کہ خدا تعالے نے ہر چیز میں ایک حکمت پیدا کی ہے جیسا کہ حدیث میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم
سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا جو چیز زمین میں اگتی ہے اس کے اندر خدا تعالے کی حکمت ہے چنانچہ
کچھ حکمتیں ہم ذکر کرتے ہیں تو من جملہ ان کے ایک عشبہ ہے جس کو کربوا کہتے ہیں اور مصر میں نیل کے
قریب یہ اگتا ہے اور تونس وطرابلس کے باغوں میں بھی اور دمشق شام میں تو بکثرت موجود ہے
اور مغرب میں درعہ کے قریب پہاڑوں میں اگتی ہے اسی طرح کوہ دونیں اور اس پہاڑ میں جو
کے اندر خستاد کے ملک میں پھیلا ہوا ہے اور میں نے بعض عارفوں کے ہاتھ اس عشبہ کو دیکھا
کہ انہوں نے اس میں سے تھوڑا سا رانگ پر ڈالا تو وہ خالص سونا ہو گیا اور آگ میں لوہا جو
اور اس کو اس کے اندر ڈالا جائے تو وہ خالص چاندی بنجاتا ہے۔ اسی طرح شیخ ابوالعز مغربی
نے کچھ عشبہ قلعی میں ڈالا تو وہ خالص چاندی ہو گئی اور رومی قلعی اسپارہ میں کچھ کام نہیں کی
کیونکہ اس کے اندر رانگ ملا ہوتا ہے اسی طرح آگے بھی یہ عشبہ کچھ اثر نہیں کرتا پس میں نے
اس زاہد سے عرض کیا کہ یہ عشبہ آپ کہاں سے لائے انہوں نے کہا میں اس کو بلاد سنار
سے لایا ہوں وہاں ایک کھیت ہے اس کو فدان ذہب کہتے ہیں یہ عشبہ اسکے اندر بکثرت ہوتا
ہے بلکہ سوا اس کے وہاں کوئی چیز نہیں اگتی اور میں نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ عشبہ بلاد سنار سے لایا
تھا اور اس سے رانگ سونا اور چاندی بنجاتا تھا اور مجھ سے ایک جماعت نے بیان کیا کہ یہ عشبہ
گول دراہم کی شکل ہوتے ہیں ان کے کناروں میں ایسا نقش ہوتا ہے جس طرح چھتنی میں اور اس
میں سرخی ہوتی ہے اور تھوڑا سا روغن بھی ان کے اندر ہوتا ہے اور سرخ چیونٹیاں اس پر
چھوٹی اسپر چڑھی رہتی ہیں اور اس پودے کے سایہ میں کوئی گھاس نہیں اگتی اور اسکی پوشاک

کی طرح ہوتی ہے اور اس کی کلیاں زرد ہوتی ہیں اور جو اس کے اوصاف نہ جانتا ہو اور لف
لکڑوں میں اسے تلاش کرے تو ایک نباتات ملے اور اس کے اندر تھوڑی سی پانی رکھ
کر اس کو دیکھے پائے تو اس بات کے اندر سخت مشکل سے چھوڑنے کیونکہ
ہے اور جب کسی درخت میں اس کا دست پائے تو اس کی تین قسمیں ہیں ایک یہ ہی جو ہے
نزدیک جانے سے اس کی روشنی جاتی رہتی ہے اور اس کی تین قسمیں ہیں ایک انسانی کم اور وہ
بیان کیا دوسری وہ کہ اس کے پتے ریحان کے سے ہیں اور تنہائی میں ایک الف ہے
باہر سے سرخ اندر سے سبز سپیدی مائل ہوتے ہیں غیر قسم یہ ہے کہ اس کی تین شاخیں ہوتی
ہے اپنے جیسے مہندی کے ہوتے ہیں اور ان سے سپید دودھ نکلتا ہے اور اس قسم کی بوٹی ہوتی
ہے اور وہیں اگتا ہے جہاں سرخ مٹی ہو اور سادہ بچھے پہاڑوں میں اور اسکے پتوں سے تیل
بھی نکلتا ہے پہلی قسم عشبہ کی بڑی بہادر اور دوسری کو اہل تونس فنسا اور مغربی لوگ بالیہ
کہتے ہیں اور تیسری قسم پہاڑوں میں بہت ہوتی ہے اور سوڈان کے ملک میں بہت کثرت سے
اور وہاں اس کا نام حرمہ ہے اور مغربی لوگ سلطنت کہتے ہیں پہلی قسم تو رانگ کو سونا اور لوہے کو
اسی طرح قلعی کو اور دوسری اور تیسری رانگ کو سونا اور لوہے کو چاندی بناتی ہے اس کے عمل کی
ترکیب یہ ہے کہ ایک قسم کو دوسری قسم سے الگ رکھو جب کسی قسم کو لو تو اس کو سایہ
میں خشک کر رکھو جب چاہو کہ رانگ کو سونا بناؤ تو پہلے رانگ شہد میں تر کر لو اور پسے ہوئے
کا بار یک غبار اسپر ڈالو اور آگ کے بیچ رکھو اور اس کو آگ سے کچھ دور تھوڑی دیر
میں نکالو ہوا میں رکھو اور تھوڑی دیر تک جاری رہیگا پھر وہ رانگ سرخ ہو جائے گا اور پھر
اندر اور باہر سے سرخ پھر اس کو گرم رکھے تو خاتمہ کر چھوڑو وہاں تک کہ ٹھنڈی ہو جائے تھوڑا
سونے وقت رات میں تم نے یہ کام کیا ہو تو صبح تک چھوڑے رکھو پھر جب اسکو نکالوگے تو خالص سونا
ہو گا اور قلعی اور لوہے کو چاندی بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ پہلے قلعی اور لوہے کو مرغی کے انڈوں کی
سفیدی مل لو اور اوپر سے پسا ہوا عشبہ ڈالو اور پھر مل دو کاغذوں کے درمیان میں رکھ کر آگ
تھوڑی دیر رکھو خوب گرم پھر اس کو آگ سے نکالو اور عشاء سے صبح تک چھوڑے رکھو
انشاء اللہ عشبہ اس لوہے اور قلعی میں سرایت کر جائیگا پھر خالص چاندی ہو جائے گا اور دوسرا
عشبہ جسے عام لوگ اس کو زدلیہ کہتے ہیں ہر جگہ اس کی پیداوار ہے اس کے پتے زعفران کی طرح
ہوتے ہیں تو سپید عشبہ ہے جس کے پتوں پر زعفران کی مانند تیل ہوتا ہے تم اس عشبہ کو لیکر سایہ میں
سکھاؤ پھر اس کو انڈوں کی سفیدی میں ملاؤ اسی طرح چھوڑ دو یہاں تک کہ سوکھ جائے اس کے بعد
اسپر شہد لو اور باانڈوں کا پانی پھر رانگ کو گرم کرو اگر وہ عشبہ سرخ ہو بند ہوا اگر اس کا دودھ
سپید ہو تو لوہے کو گرم کرو اور جو سپید عشبہ میں ملا ہوا ہے اس کے اندر اسکو بجھاؤ پھر لو چاندی
کی طرح نکلیگا اور اسی طرح قلعی اور سیسہ سپید ہو جاتا ہے عشبہ لینے کے وقت چند شرطیں
ہوتی ضروری ہیں ایک تو یہ کہ جب دو زمین سے علیحدہ ہو تو اس وقت کلام ذکر کیا جائے دوسری یہ
کہ آدمی با طہارت ہو تیسری یہ کہ جب اس کو لوہے یا رانگ میں ڈالا جائے اس وقت اس کو تیر سے
سوا کوئی نہ دیکھتا ہو چوتھی شرط وہ ہے جو قیس شمسوں کے انتہا میں نے ذکر کی اور اس پر

تمام عشبوں کا مادہ ہے (عشبہ) اس کو مشرقی لوگ دروز کہتے اور ہم مغربی لوگ اذن الفار اور اس کی تین قسمیں ہیں ایک عشبہ جو سب سے بڑی ہے وہ شرمغزیہ تیسم العزیزہ عشبہ کے پتے ورقہ کے پتوں کی طرح ہیں اس کے اندر خوشبو ہوتی ہے اور لمبائی میں ایک بالشت سے کم ہوتے ہیں اور اس کی ٹہنی میں تیل ہوتا ہے اور باہر سے اس کے پتے سرخی کی طرف مائل ہوتے ہیں اسکو چاندی کے درہم کے ساتھ مزاولت دو اور سایہ میں چھوڑے رکھو حتیٰ کہ خشک ہو جائے اسکو کیمیا الادوم کہتے ہیں (عشبہ) مشرقی لوگ اسکو سقط اور مغربی غزالیہ اور بہت سے لوگ ازاد کہتے ہیں اسکے پتے زیتون کے سے اور وہ اپنی ٹہنیوں سے اس طرح متصل ہیں جس طرح ریحان کے پتے زمین سے پیچھے نکلتے ہیں جس طرح انگلی شہادت کی اور اس کی کلی نیلی اور سپید ہوتی ہے نیچے ہیں پر اس کا وجود پہاڑ اور ریت کی زمینوں میں ہوتا ہے اس عمل کی ترکیب یہ ہے کہ اسکو لیکر سایہ میں خشک کرو اور پھر پیس لو اور اسکو چھانکر انڈوں کی سپیدی ڈالو اور پھر دو تین دن تک اس کو چھوڑ دو دوسرے دن وہ جما ہوا پاؤ گے اور ہر پارہ نبات سے بند ہوتا ہے۔

(عشبہ) اس کو بساط الملوک کہتے ہیں اس کو پیر کے روز چاندی کی رکابی میں رکھ کر چھوڑ دو اور سایہ میں رکھے رہو یہاں تک سپید اور خشک ہو جائے پھر اس کے وزن برابر حلیلہ کابلی ملاؤ اور سب کو جمع کرکے شہد ملاؤ (ایک درخت ہے اس کو عندلان کہتے ہیں اور ترکی لوگ اس کو کرنک کہتے ہیں یہ پہاڑوں میں بالکل نہیں ہوتا اور نہ ٹھنڈے ملکوں میں گرم زمین میں اس کی پیدائش ہے سمندر کے قریب جیسے تلمسان اور بلاد ترک اور بلاد روم اور وادی درعہ اور تمام سواحل بحر اس کے بڑے گدے سپید ہوتے ہیں اور پتے بڑے بڑے جیسے انجیر کے اسکے اندر دودھ سپید بکثرت ہوتا ہے اور جب خشک ہوتا ہے تو اس کے درمیان میں صوف نکلتا ہے اس کو لوگ جلاتے ہیں چراغوں کے اندر اگر تم کو یہ کبھی ملجائے تو اس کا دودھ لیلو اور حلیلہ کابلی کو پیسکر اس میں ملاؤ اور معدنیاتی آگ میں رکھ کر جس کے اندر عندلان کا دودھ ہے انپر لکھو

چھٹا باب لشکروں کو شکست دینے میں

اہل جہاد اور بادشاہوں کے لئے اس بات کی بڑی ضرورت ہے جو شخص اپنے لشکر کو فتح دینی چاہے وہ اس جدول کو گلاب کے پانی اور مشک وعنبر سے طالع میزان میں جبکہ آفتاب کی ساعت ہو لکھ کر سرخ جھنڈے میں باندھو اور اسکو لیکر دشمن کے سامنے جاؤ وہ ضرور شکست پائے گا جس کے پاس جھنڈا ہو وہ باطہارت قوی القلب بہادر ہونا چاہئے اور جدول صفحہ ۲۷ سے ملاحظہ

(ہو)

سیہزم	الجمع	ویولون	الدبر	بل الساعة	موعدهم	والساعة	ادہی	وامر
الجمع	ویولون	الدبر	بل الساعة	موعدهم	والساعة	ادہی	وامر	سیہزم
ویولون	الدبر	بل الساعة	موعدهم	والساعة	ادہی	وامر	سیہزم	الجمع
الدبر	بل الساعة	موعدهم	والساعة	ادہی	وامر	سیہزم	الجمع	ویولون
بل الساعة	موعدهم	والساعة	ادہی	وامر	سیہزم	الجمع	ویولون	الدبر
موعدهم	والساعة	ادہی	وامر	سیہزم	الجمع	ویولون	الدبر	بل الساعة
والساعة	ادہی	وامر	سیہزم	الجمع	ویولون	الدبر	بل الساعة	موعدهم
ادہی	وامر	سیہزم	الجمع	ویولون	الدبر	بل الساعة	موعدهم	والساعة
وامر	سیہزم	الجمع	ویولون	الدبر	بل الساعة	موعدهم	والساعة	ادہی

اور لشکروں کو شکست دینے کے لئے طالع حمل میں جبکہ مریخ کی ساعت ہو سبز کاغذ کے اندر گلاب پانی اور زعفران سے لکھو اور لبان کی دھونی دو پھر اس کو نیزہ لشکر کے علم کے نیچے رکھو پھر وہ اپنے لشکر کے ہمراہ آگے بڑھے اور دعا لشکر دشمن کی طرف کرکے لڑے دشمن ضرور شکست پائے اور آیت یہ لکھنی چاہئے کہ كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِیْ اِنَّ اللّٰهَ قَوِیٌّ عَزِیْزٌ اور آیت کہ سَیُهْزَمُ الْجَمْعُ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِیْدَ فِیْهِ بَاْسٌ شَدِیْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ سے عزیز تک اور یہ آیت کہ وَیُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ تک پہلی آیت سات دفعہ دوسری پانچ تیسری سات دفعہ لکھنی چاہئے اور یہ عبارت بھی لکھو کہ اِنْ یَّمُدَّکُمْ رَبُّکُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِکَةِ مُنْزَلِیْنَ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰی لَکُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُکُمْ بِهٖ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ مُنْزَلِیْنَ رَبُّهُمْ حُنَیْنٍ اِذْ اَعْجَبَتْکُمْ کَثْرَتُکُمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَکِیْنَتَهٗ عَلَیْکُمْ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَذٰلِکَ جَزَآءُ الْکٰفِرِیْنَ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا اللّٰهُمَّ انْصُرْنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ الْقَاهِرِ الْقَادِرِ الْقَوِیِّ الْعَزِیْزِ ... رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ یَا قَوِیُّ یَا قَهَّارُ یَا غَالِبُ ... نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ ... یَا اللّٰهُ یَا عَزِیْزُ یَا جَبَّارُ ... الظّٰلِمِیْنَ ... یَا نَاصِرُ یَا نَصِیْرُ اُنْصُرْنِیْ عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ وَنَجِّنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ اَللّٰهُمَّ ... یَا قَوِیُّ یَا عَزِیْزُ ... [illegible]

الصّٰفّٰت ۔ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

(دوسرا عمل) دشمن کے لشکروں کو مغلوب کرنے کے لئے یہ جدول گلاب کے پانی اور زعفران سے روز یکشنبہ کو لکھ کر دشمن کے سامنے جائے خواہ اسکی فوج ہزار یا سو ہوں اور اسکے ساتھ فوج بیکر دشمن پر حملہ آور ہو جس طرح بارہ ہزار لشکر کو جس طرح روز سے پھر اس دن کو جانے زرا سا لشکر کو فوج کا سردار اپنے پاس رکھے اور پہلے وہی ایک ہزار سوار سے حملہ کرے اور اپنے سامنے ایک سیاہ قوم کو رکھے اور پھر دشمن پر حملہ کرے اس کے بعد کمیں جو اس کے پیچھے ہے باقی لشکر کو اپنے ہمراہ لے کر حملہ کرے اور حملہ کے وقت بلند آواز سے کہیں کہ اللہ الغالب دشمن فوراً مغلوب ہوا اور وہ نقش حسب ذیل ہے:

یا بکر

نقش مطلوبہ حسب دوامر اول

ر	ی	خ	ع		م	ی	و	ق
۲	۳	۱	۲		۱۱	۱۹۱	۱۴۰	۱۱
۴۳	۹	۸	۹		۱۳	۹	۸	۱۹۸
۹	۴	۴۳	۸		۹	۱۴۷	۱۳	۸

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شکست

دوسرا عمل

دکھانا اور عاملوں کے لشکر کو مغلوب کرنے کے واسطے جب کوئی رئیس اپنے دشمن کے لشکر کو دینے کا ارادہ کرے تو وضو کرکے دو رکعتیں پڑھے پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ اور سورہ فتح اور دوسری میں سورہ فاتحہ اور سورہ ملک پھر قبلہ رخ ہو کر پھر دشمن کی طرف منہ کرے پھر سید ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کا ورد پڑھے جس کا نام حزب البحر ہے اور جب اس مقام پر پہنچے کہ وَسَخِّرْ لَنَا هٰذَا الْبَحْرَ تو کہے کہ يَا غَالِبُ لَيْسَ مَغْلُوْبًا وَقَاهِرُ غَيْرَ مَقْهُوْرٍ يَا قَادِرُ يَا نَاصِرُ اَسْئَلُكَ يَا مَنْ اسْتَوٰى قَهْرُكَ وَعَظَمَتُكَ عَلَى الْعَرْشِ اَنْ تُعِيْنَنِيْ بِتَثْبِيْتِ جَنَانِيْ وَتُعْطِيْنِيْ بِتَاجِ عِزِّكَ وَجَلَالِكَ وَعَظَمَتِكَ حَتّٰى نَسْطُوْ بِهِمَا عَلٰى مَنْ اَرَادَ وَيَقْهَرُنِيْ بِرُجُوْعِ جُيُوْشِ الْاَعْدَاءِ يَا عَزِيْزُ الْغَنِيُّ عَنْ كُلِّ شَيْءٍ اَجْعَلْنِيْ فِيْ هٰذِهِ حِزْبًا مِنْ قُوَّةِ قَهْرِكَ يَا قَوِيُّ ثَبِّتْ قَلْبِيْ الْاِحَاطَةَ بِالْمَلَكُوْتِ وَتَحْمِلُ ذَاتَ الصَّوْطِ بِالدُّنْيَا وَالْمُلْكِ الَّذِيْ هُوَ مُحِيْطٌ بِسُوْرَةِ قٓ وَبِكُلِّ مَجْمُوْعِ اَسْمَاءِ الْحُسْنٰى بِعَظَمَتِكَ الْمُنَزَّلِ فِيْ مَعَانِي الْجَبَرُوْتِ وَيَا قَائِمُ يَا قَاهِرُ يَا قَادِرُ يَا قَيُّوْمُ يَا مَالِكَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا فِيْهِمَا وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَهُمَا وَمَا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ يَا حَيُّ يَا مُمِيْتُ اِلَيْكَ اَشْكُوْ اَنْتَ رَبِّيْ وَاَنْتَ حَسْبِيْ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ عَلٰى مَنْ عَادَانِيْ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ پھر حزب البحر کا عمل کرو اور اپنی جگہ سے آگے جا کر رہیت یعنی اس زمین سے مٹھی بھر خاک اٹھا کر ہاتھ میں لے اور یہ آیت پڑھ کر شَاهَتِ الْوُجُوْهُ سے دائیں کی سات بار دشمن کے منہ پر پھینکو

ساتواں باب خزانوں کے کھولنے میں


اس عزیمت سے ہر ایک خزانہ کھل جاتا ہے ترکیب عمل یہ ہے کہ کسی جنگل میں چند ایام تک پرہیز کرکے اور جب تیس روز ہو جائیں تو ایک سیاہ غلام اور ایک سوار تیرے سامنے آئے گا اور جب گھوڑے پر سوار ہو کر تیرے پاس آئے تو اس کو کوئی جواب نہ دینا پھر وہ تیرے سامنے سے چلا جائے گا اور ایک شخص آئے گا جس کی صورت بہت خوبصورت ہوگی اور لباس سبز ہوگا اس سے کچھ بات نہ کرنا اور جب وہ سلام کرے تو اس کا جواب دینا پھر وہ کہے گا کیا حاجت ہے تو کہنا کہ خزانہ چاہتا ہوں وہ چلا جائے گا پھر بہت سے سوار آئیں گے اور ان کے آگے ایک بادشاہ طاؤس نام جنوں کا ہوگا اور بہت سے لشکر ساتھ ہوں گے پھر وہ تجھ سے کہیں گے کہ تو کون ہے اور کیا چاہتا ہے پھر تو کہنا کہ میں خزانوں کا طالب ہوں اور ان کا بادشاہ ہوں پھر وہ سب تیرے ساتھ ہو جائیں گے اور اس وقت ایک جھنڈا ہوگا اور اس جھنڈے کے نیچے ستر ہزار جن ہوں گے اور وہ سب تیرے تابع ہو جائیں گے جو کچھ تو کہے گا اس کی تعمیل کریں گے پھر وہ تیرے سلام کا جواب دیں گے اور تو ان سے کہنا کہ میں طالب خزانہ ہوں پھر تیرے پاس عطا کریں گے اور ہر ایک خزانہ جو زمین میں ہے تیرے سامنے حاضر کریں گے پس تو جو حکم کرے گا وہ بجا لائیں گے پھر تو ان کے سامنے یہ پڑھنا اور جو کچھ تیرا مطلب ہو کہنا اور جب ان کی صورت دیکھے تو ڈرنا نہیں پھر جب وہ سب تیرے تابع ہو جائیں گے تو ان سے کہنا کہ جو خزانہ فلاں جگہ ہے حاضر کرو پھر طاؤس اپنے وزیر کو حکم دے گا کہ اے معشر جنات تم کو طاؤس حکم دیتا ہے کہ جو کچھ یہ طالب خدمت کے اور جس قدر تم ہماری عزیمت کی تلاوت کرو گے اسی قدر وہ اپنے لشکر سے کہے گا کہ فلاں خزانہ حاضر کرو اور جب سب لوگ حاضر ہوں گے تو تم بھی ان کی صورت دیکھ کر خوش ہو جاؤ گے پھر تم کو کوئی خزانہ یا کوئی خاص چیز دیں گے پھر جب تم کہو کہ فلاں خزانہ حاضر ہو تو وہ ایک پردہ عزیمت پڑھو اور پھر ان کا کچھ نہ کچھ پھر تم کو ایسی آواز آئے گی گویا پہاڑ پھٹ رہا ہے اور دروازہ کی جنبش ہے

ستر گھ ہے بادل کی گرج کی طرح پھر وہ قفل کھل پڑیگا پس تم اسکے اندر سے جسقدر چاہو لے لینا اور
تمہارے ساتھی بھی اگرچہ ستر ہزار یا ہزار آدمی تمہارے ساتھ اندر داخل ہوئے ہوں اندر عزیمت ذکرہ
أقسمت بالأسماء الكبر يا ... على قبائل الجن وعمار المكان الذي ...

[illegible]

[illegible]

قفل کو کھولنا چاہے تو تمام سورہ فتح پڑھے اور اپنا ہاتھ قفل پر رکھے وہ فوراً کھل جائیگا اور وہ حروف یہ ہیں



دوسری ترکیب قفل کھولنے کے عمل کی جس سے ہر قفل اور ہر بیڑی اور ہر زنجیر کھل جاتی ہے تو عزیمت پڑھنی چاہئے [illegible]

[illegible]

وھو حسبنا ونعم الوکیل اور اس عزیمت کی ترکیب یہ کہ اس کو ہر ایک کے بعد سات بار تلاوت کرے

[illegible]

آٹھواں باب (۸) پانیوں کو خشک کرنے کے بیان میں

کبھی خزانوں پر پانی ہوتا ہے جیسا کہ رومیوں کا طلسم مشہور ہے پس اگر وہ پانی قبلہ کی طرف سے جاری ہو تو اس جدول کے مطابق نقش تانبے کی تشتری میں لکھ کر پانی کے اندر ڈالدو پھر اس سردار کا نام لو جو اعوان کا موکل ہے جو جانب قبلہ میں اور عزیمت دہروشیہ جو علامات الجن کے باب میں مذکور ہے پڑھو اور اسکے آخر میں پڑھو کہ وقیل یا ارض ابلعی ماءک ۔ وغیض الماء اور اگر پانی مشرق سے جاری ہو تو اس جدول کے نقش کو قلعی کی تختی میں لکھ کر پانی کے اندر ڈالدو اور اس عون کا نام پکارو جو جانب مشرق کے اعوان پر موکل ہے اور ان کا سردار بھی ہے عزیمت دھروشیہ پڑھو اور اسکے آخر میں یہ پڑھو کہ وقیل یا ارض ابلعی ماءک ۔ آخر تک اور اگر پانی جنوب کی طرف چلتا ہے تو اس جدول کو صحیفہ قرعی میں لکھ کر پانی کے اندر ڈالدو اور اس عون کو پکارو جو ان اعوان پر جو اقلیم جنوب کے موکل ہیں پھر عزیمت دھروشیہ پڑھو اور اسکے آخر میں بھی آیت مذکورہ تلاوت کرو اور اگر پانی مغرب کی جانب سے آتا ہو تو اس عون کا نام لیکر پکارو جو مغرب کی اقلیم میں موکل ہے پھر اس جدول کو صحیفہ نحس میں لکھ کر آیت مذکورہ تلاوت کرو تب پانی خشک ہو جائیگا ۔ اور فوراً ہی اس کا اثر دیکھو گے اور اقلیم قبلہ کا رئیس شیطاطا اور رئیس مشرق جمہدعون اور رئیس جنوب شاموں اور رئیس مغرب ابروطاش ۔ جدول مذکور یہ ہے

قتل	اراہیم	ان ہجو	ماذکہ	عوذرا	قمن	یاتیکر	بہاء	معین
اراہیم	ان ہجو	ماذکہ	عوذرا	قمن	یاتیکر	بہاء	معین	قتل
ان ہجو	ماذکہ	عوذرا	قمن	یاتیکر	بہاء	معین	قتل	اراہیم
ماذکہ	عوذرا	قمن	یاتیکر	بہاء	معین	قتل	اراہیم	ان ہجو
عوذرا	قمن	یاتیکر	بہاء	معین	قتل	اراہیم	ان ہجو	ماذکہ
قمن	یاتیکر	بہاء	معین	قتل	اراہیم	ان ہجو	ماذکہ	عوذرا
یاتیکر	بہاء	معین	قتل	اراہیم	ان ہجو	ماذکہ	عوذرا	قمن
بہاء	معین	قتل	اراہیم	ان ہجو	ماذکہ	عوذرا	قمن	یاتیکر
معین	قتل	اراہیم	ان ہجو	ماذکہ	عوذرا	قمن	یاتیکر	بہاء

نواں باب (۹) قفلوں کے کھولنے کے بیان میں

یہ حروف بکری کی کھال پر لکھ کر لوبان اور قسطال کی دھونی دیکر اپنے دائیں بازو پر باندھے پھر کسی

اندر پڑھو اور ہر روز قسط کی دھونی روشن کرو پھر ساتویں روز خادم آئیگا سیاہ کتے کی صورت میں اور تم سے کلام سلام کریگا تم اس کے سلام کا جواب دینا اور کہنا کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ تم میری ہر حاجت [illegible] میں مدد کرو وہ تمہاری درخواست منظور کریگا اور اپنی شرطیں تمہارے آگے [illegible] تم وہی شرطیں قبول کرنا جو تمہارے مذہب میں جائز ہوں اور اس کا نام [illegible] ہے پھر وہ تم کو کوئی کلمہ سکھائیگا جب تم اپنا [illegible] رکھو گے [illegible] تو تمہارا کام مکمل ہو جائے گا۔

دسواں باب حجاب ابصار کے بیان میں

اس کتاب کے اندر دسواں باب [illegible] مشکل ہے جب تم بندوں سے چھپنا چاہو تو تنہائی میں ایک دائرہ کھینچو اور اپنے جسم کے تمام اعضاء جمع کرو اور آسمان کی جانب دیکھو اور ساعت اس وقت کے ستارہ کی ہو اور ہر جانب میں اس کے عددوں کی برابر پڑھو مثلاً قبلہ رخ ہو کر [illegible] پڑھو اور دھونی روشن رکھو جب ایسا کر چکو تو اسم عون کو پکارو [illegible] ان تمام اعوان کا سردار ہے جو اقلیم جنوب پر مقرر ہیں پھر عزیمت [illegible] کی تلاوت کرو اور اس کے اخیر میں آیت مذکورہ پڑھو اور اگر [illegible] مغرب کی جانب سے [illegible] کا نام لو اور جہاں چاہو چلے جاؤ پھر تمہارا سایہ [illegible] اور نہ کوئی شخص تم کو دیکھ سکیگا اور نہ آنکھیں دیکھ سکینگی اور نہ کان سن سکینگے جب تک چاہو اس منزل میں رہیگا۔

حجاب ابصار کا عمل

اس عمل کو جو آگے مذکور ہے [illegible] لگا کر [illegible] شادی [illegible] لگایا ہو جمعہ کے پہلے اتوار کو لکھو جب لکھ چکو تو اس [illegible] کی دھونی [illegible] کی طرح خوشبودار [illegible] کا پسل ہوتا ہے پھر اس عمل کی ٹوپی بنا کر اپنے سر پر رکھو [illegible] کے وقت دھوپ میں بیٹھو [illegible] عزیمت [illegible] ہے اس کو تلاوت کرو [illegible] تمہارا سایہ [illegible] پھر جہاں چاہو جاؤ کسی [illegible] نظر آؤ گے اور تمہارا [illegible] کسی کو آواز [illegible] جب تک وہ ٹوپی تمہارے سر پر رہیگی اور وہ عزیمت یہ ہے [illegible]

[illegible]

۳۵

[illegible] الْمَسْتُوْرَات [illegible] کرنا سیاہ رنگ [illegible] کی قلم سے لکھو اور اس ٹوپی کے اوڑھنے والے کا لباس کالا ہو اور کوئی رنگ اس میں نہ ہو

ت	ق	ج	م	غ	م	ت	الابصار	وهو	يدرك	الابصار	وهو	اللطيف	الخبير
ق	ج	م	غ	م	ت	ق	وهو	يدرك	الابصار	وهو	اللطيف	الخبير	الابصار
ج	م	غ	م	ت	ت	ق	يدرك	الابصار	وهو	اللطيف	الخبير	الابصار	وهو
م	غ	م	ت	ت	ق	ج	الابصار	وهو	اللطيف	الخبير	الابصار	وهو	يدرك
غ	م	ت	ت	ق	ج	م	وهو	اللطيف	الخبير	الابصار	وهو	يدرك	الابصار
م	ت	ت	ق	ج	م	غ	اللطيف	الخبير	الابصار	وهو	يدرك	الابصار	وهو
ت	ت	ق	ج	م	غ	م	الخبير	الابصار	وهو	يدرك	الابصار	وهو	اللطيف

حجاب ابصار کا اور عمل

زوال کے وقت [illegible] کے عدد کی برابر [illegible] کے اندر [illegible] استعمال کرو جو کسی استعمال [illegible] ہو پھر سورہ [illegible] پڑھو اور ان کو [illegible] کی [illegible] سر پر [illegible] وقت دو جب وہ [illegible] ایک ٹوپی بنا کر اپنے سر پر رکھو اور سیاہ ریشم سے [illegible] [illegible] کا نقش لکھو اور شکل سے باہر دائروں میں یہ آیتیں لکھو پہلے دائرہ میں یہ آیت [illegible] دوسرے دائرہ میں اور [illegible]

[illegible]

[illegible] آخر تک اور ساتویں دائرہ میں [illegible] آخر تک [illegible] عزیمت [illegible] اور دھوپ میں [illegible] تمہارا سایہ غائب ہو جائے اور عزیمت یہ ہے [illegible] آخر تک

گیارھواں باب [illegible] کے بیان میں

[illegible]

مجھے مذاکرہ کیا تو وہ مجھ کو لے کر علم کے اندر عجیب و غریب امور ہیں میں نے کہا کہ خدا کی قسم مجھے
عجائب بھی ضرور دکھائیں اس نے کہا اگر تو ہمارے سر کو چھپا دے تو تو عجائب دیکھے چنانچہ ایک
اسکے ساتھ سوار ہو کر کشتی ایسی سوار ہوا اور ایک گھڑی ہی چلے ہوں گے کہ ہم شہر میں
داخل ہوئے وہاں ایک جزیرہ تھا کہ اس سے اچھی جگہ کوئی نہیں دیکھی اور وہاں جنات کے
بادشاہوں کی لڑکیاں تھیں مجھے اپنے اوپر خوف ہوا پھر اس شخص نے مجھے کہا کیا عجائب تم
دیکھنا نہیں چاہتے پھر اس نے ایسا کلام کیا جس کو میں نہ سمجھا پھر ویسا ہی بھر گیا جس طرح
تھا میں نے کہا یہ علم مجھے بھی بتا دے اس نے کہا بتاتا تو ہوں لیکن چھپائے رکھنا اصل میں
یہ دانشمس وخطاطھا کی دعا ہی ہے میں نے کہا مجھے اس کی تفصیل اور ترکیب بتا دے اس
نے کہا کچھ روز میرے پاس رہنا چاہئے۔ چنانچہ میں اسکے پاس پانچ برس رہا اس کے بعد مجھ
سے اس نے یہ عہد لیا کہ سوا مستحق آدمی کے اور کسی کو نہ سکھلاؤں چنانچہ اس نے مجھے
سکھلا دی سو اس دعا کی دقیق خاصیتیں ہیں پہلی خاصیت جنات کو حاضر کرنا اس کی ترکیب
یہ ہے کہ اس دعا کو کورے برتن میں گلاب اور زعفران سے لکھ کر پانی سے دھو لو اور بعد میں اس
پانی کے اندر نظر کرو اور عزیمت یعنی وہ دعا جو آگے مذکور ہے پڑھتے جاؤ اور بخور عنبر کی سلگاؤ
اسوقت تم کو درمیان پانی میں جنات کے گروہ کھلم کھلا نظر آئینگے تم ان سے چوری یا دفینہ اخراج
یا کسی غائب کی بابت سوال کرو وہ جواب دینگے اور کنگیائیل یعنی ساتویں آسمان کا موکل اور اسمٰعیل
اور ان کی مانند روحانی حاضر ہوں گے ہر نماز کے بعد اس دعا کو سات بار چند ایام تک پڑھو اور
[illegible] اور سفید کو سلگاؤ ساتویں دن موکل روحانی میں سے ایک خادم تمہارے سامنے کھڑا ہوگا
اور جو کچھ تم سوال کرو گے اس کا جواب دیگا خواہ وہ خیر ہو یا شر۔

تیسری تعریف کاغذ کو چاندی بنانا

ہر نماز کے بعد خلوت میں اس دعا کو پڑھو یہاں تک کہ سات بادشاہ جنات کے تم کو سلام کرینگے
تم ان کے سلام کا جواب دینا پھر ان سے اپنی مراد کی شرط کرنا کہ کاغذ کو چاندی بنا دو اور وہ بھی شرط
کرینگے اس کے بعد پھر تم جسقدر چاہو کاغذ لو اور سب کو تیلی کتر میں لکھا کر [illegible] اسپر بڑی خاتم
لکھی ہوئی ہو پھر ان کو سفید رنگ کے تاگے سے بند کرکے اپنے ہاتھ میں رکھو اور پھر صندوق میں
رکھ دو اگر کاغذ بہت ہو پھر اسکو صندوق کے [illegible] سے دھونی دو اور ہتھیلی کو بھی یہاں تک کہ
شہد کی مکھیوں کی طرح آواز آئے تو وہ ہتھیلی پانی میں ڈالو اور صندوق پانی کے حوض میں ڈالو
مدت کے بعد اسکو نکالو تو خالص چاندی ہوگی۔

چوتھی تعریف کاغذ اور چمڑے اور چاندی کا سونا ہونا

کاغذ کو دیناروں کی طرح کاٹ کر جسقدر چاہو زعفران سے رنگ لو اور چمڑے کو سرخ [illegible]
کے پتوں میں اور ہر دینار پر جلی صورت میں [illegible] اور دوسری میں بھی [illegible] پھر خاتم کبیر برتن میں لکھ کر

کاغذ کے دیناروں سے زیادہ لکھو پھر اسکو بخور کی دھونی دو اور عزیمت پڑھتے رہو پھر تم کو سفید پر نظر
آئیگا کہ کاغذ کے دیناروں کا [illegible] ہوگا تو جیسے کاغذی دیناروں کے ساتھ ایک صحیح حقیقی دینار اور
درہموں کے ساتھ ایک درہم رکھو پھر جب بخور کر پڑھنے سے وہاں حرکت کی اور غائب ہو جائیں
تو جان لو کہ خادم رہی ہے اب ایک گھونٹے تو سب سونا پاؤگے!

پانچویں تعریف پتھروں کو موتی اور یاقوت بنانے میں

خاتم کبیر کاغذ پر لکھ کر اس کی دھونی دو اور جن پتھروں کو زمرد بنانا چاہو انکو جمع کرو
پھر ان کو زنگار سے رنگ لو اور جن کو سرخ یاقوت بنانا چاہو ان کو شنجرف میں رنگ لو اور جن کو
موتی بنانا چاہو ان کو بغیر رنگ کے رہنے دو اور عزیمت کو سات بار پڑھ کر موتیوں!
یاقوت کا استفسار کرو یعنی دل میں اس چیز کی نیت کرو جو بنانا چاہو وہی ہو جائیگا۔

چھٹی تعریف پتھروں کو چاندی یا سونے کی کہاں بنانا

جس پتھر کو سونا یا چاندی بنانا چاہو اسکو لے کر خواہ چھوٹا ہو یا بڑا اور خواہ ایک ہی کے وزن کی
برابر ہو اگر بازاری اسپر دعا مذکور ایک سو بار پڑھو اور بخور مذکور روشن کرو پس جب پڑھ ہو جائیں
تو پتھر سونا یا چاندی ہو جائیگا۔

ساتویں تعریف تسخیر کے بیان میں

خاتم کبیر کاغذ کے ایک ورق پر لکھ کر بخور خدمت روشن کرو اور وہ دعا اسپر سات بار پڑھو تو
کاغذ جہاں اڑ کر جائے مطلوب پر جا گرے۔

آٹھویں تعریف حجاب الابصار کے لئے

خاتم کبیر کو ہرن کی کھال میں لکھ کر اس کی ٹوپی بنالو اور بخور خدمت روشن کرو پھر اس کو اپنے سر پر رکھو
اور اسی دعا کو دھوپ میں کھڑے ہو کر پڑھتے رہو کہ تمہارا سایہ چھپ جائے پھر جہاں چاہو جاؤ جب
تک وہ ٹوپی تمہارے سر پر رہیگی اسوقت تک کوئی نہ دیکھ سکیگا۔

نویں تعریف قفل کھولنے کے بیان میں

اس دعا کو ہر قفل پڑھ کے بعد کہ خاتم کبیر کو کاغذ پر لکھ لو اور پھر اس کو بخور مذکور میں لے لو پڑھ چکے
جب وہ کاغذ اپنے دائیں ہاتھ میں لے لو تو جس قفل پر بھی یا تالاں ہاتھ رکھو گے وہ ضرور کھل جائیگا۔

دسویں تعریف کیمیا کی اندر ترکیب کے بیان میں

خاتم کبیر سپید ریشم کی کترن میں لکھ کر بخور خدمت روشن کرو اور پھر تم کے سوت والے اس کپڑے میں رکھو

اس کے بعد کہ پتیلی کو سبز ریشم سے سی دیا جائے پھر ان اس پتیلی میں سے جس قدر تم کو کھجور کی ضرورت ہو لیتے جاؤ اگرچہ سو صاع کی ضرورت ہو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے صاع سے لیکن [illegible] ہی میں لو اور خاتم صغیر جمعہ کے دن صاع کے اندر نقش کیا جائے۔

گیارہویں تعریف میووں کے اندر برکت ہونے میں

صحیفہ آفتاب میں پیر کے روز خاتم مع نقش کے لکھو اور بخور روشن کرو اور اپنے ہاتھ کے خشک میووں میں رکھ دو اور ہر دن جس قدر چاہو اٹھالو لیکن اٹھاتے وقت ایک بار عزیمت پڑھ لو تو وہ میوے ختم نہ ہوں اور ہر سال یہ عمل نیا کرنا چاہیے۔

بارہویں تعریف طے ارض کیلئے

جب تم زمین کو لپیٹنا چاہو تو اس دعا کو رات کے وقت جنگل میدان میں پڑھو اور بخور مذکور روشن کرو تو خادم جنی تمہارے پاس آکر تم کو سلام کریگا تم اس کا کچھ جواب نہ دینا پھر تم اس کے ہاتھ میں لاٹھی دیکھو گے وہ لاٹھی اسکے ہاتھ میں سے اچک لینا اور اپنی جگہ چلے جانا وہ تمہارا پیچھا نہ کرے گا پس اگر تم مشرق یا مغرب تک جانا چاہو تو ایک دن میں پہنچ جاؤ گے ترکیب عمل یہ ہے کہ وہ لاٹھی لو اور اسم [illegible] دو دعا پڑھو اور جہاں چاہو چلے جاؤ یہاں تک کہ اگر ایک سال کے راستہ کو طے کرنا چاہو گے تو ایک دن میں کر لو گے۔

تیرہویں تعریف ہوا میں اڑنے کے لئے

جب تم ہوا میں اڑنا چاہو بخور لے کر اس کو گلاب کے تیل میں ملاؤ اور وہ اپنے تمام بدن پر ملو اور دعا کو ایک جگہ پڑھو پھر تم ہوا میں اڑنے لگو گے اور تمہارے پاس کے آدمی دیکھیں گے۔

چودہویں تعریف پانی پر چلنے کیلئے

جب تم یہ چاہو کہ پانی پر چلو تو پہلے اپنے کپڑے پر کشتی کی تصویر بناؤ اس کے بعد پھر خاتم کبیر لکھو لیکن کپڑا سپید کتان کا ہو پھر اس کی بخور سلگاؤ اور پانی پر چلتے چلتے عزیمت پڑھتے جاؤ تو تمہارے پاؤں کو لغزش نہ ہوگی اور جہاں چاہو گے جا سکو گے۔

پندرہویں تعریف شراب و طعام منگانے کیلئے

اگر کھانے پینے کی کوئی شی حاضر کرنی چاہو تو اس دعا کو ...... دس بار پڑھو اور بخور مذکور روشن کرو اور جس شئے کو منگانا چاہو اس کی نیت دل میں رکھو وہ شئے فوراً حاضر ہوگی۔

سولہویں تعریف دینار و درہم منگانے کیلئے

جب تم درہم یا اشرفی منگانی چاہو تو دو ورقے ایک کاغذ پر لکھو اور بخور مذکور سلگا کر مقصود و مطلوب کے حاضر کرنے کی نیت کے ساتھ دعا پڑھو وہ چیز فوراً موجود ہوگی۔

سترھویں تعریف ظالم کو ہلاک کرنے کیلئے

